ان من الشعر لحکمۃ ان من البیان لسحراً

دیوان وثوق

غلام محی الدین المخاطب عارف الدین خان وثوق

مشتمل بر غزلیات و بعض قصائد مع دیباچہ و تذکرہ مصنف

مرتبہ

عبد الباسط مولوی فاضل

۱۳۳۲ھ

مطبوعۂ فخر المطابع حیدرآباد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دیباچہ

اس زمانہ میں جبکہ شعر و شاعری کا بازار بالکل سرد پڑ گیا ہے، اور جدید تمدن اور نئی روشنی نے پرانی شاعری پر پانی پھیر دیا ہے، کسی دیوان کو (اور وہ بھی فارسی کے جو ہندوستان میں مثل مردہ زبان کے ہو گئی ہے) شایع کرنیکے یہ امید رکھنا کہ پبلک کی جانب سے اس کا خیر مقدم کیا جائیگا، اور شاعر کے کلام کی قدر کی جائیگی، اور اس کے شایع کرنے والے کی محنت اور عرق ریزی کی داد دی جائیگی، بالکل فضول ہے اور اگر کوئی ایسا خیال رکھے تو اسکی نسبت کہا جا سکتا ہے کہ دماغ بیہودہ پخت و خیال باطل بست۔

دور عالمگیری سے فارسی شاعری اس قدر تنزل کر گئی ہے کہ اگر اب اس کو مردہ سمجھا جائے تو بیجا نہ ہوگا۔ اس عہد سے لیکر آج تک کوئی ایسی نظیر نہیں ملتی کہ فارسی زبان کے کسی شاعر نے اپنے فن میں کمال پیدا کرنیکے بعد محض شعر و سخن کی بدولت، مال و دولت کے اعتبار سے وہ فتوحات حاصل کیے ہوں جو ان کے پیشرووں نے کیے تھے۔

اب تو شعرا کو اسکی بھی توقع نہیں ہے کہ کوئی سچے دل سے انکے کلام کی قدر کریگا، اور انکی دماغ سوزی اور جگر کاوی کی داد دیگا۔ اس زمانہ کے ایک مشہور شاعر نے ابنائے زمان کی ناقدردانی اور اپنے کمال سخندانی کی تصویر ذیل کے اشعار میں نہایت عمدہ کھینچی ہے وہ کہتا ہے:-

لایق مدح در زمانہ چو نیست | خویشتن را ہمی سپاس کنم
بچہ امید در زمانۂ کور | شاہد طبع رو شناس کنم
کس زبان مرا نمی فہمد | بعزیزاں چہ التماس کنم

اس مضمون کو رونق اپنے ایک مقطع میں اس طرح ادا کرتے ہیں:-

شعر را قدرے نباشد اندریں عصر ای گوں | خویش را رونق بنادانی غزلخوان کردہ

جبکہ خود اہل کمال کو زمانہ سے قدردانی کی توقع نہیں ہے تو ان کے کلام کے شایع کرنے والے کو یہ امید ہو سکتی ہے کہ اس کا کام بنظر وقعت دیکھا جائیگا اور پبلک کی نگاہوں میں قابل ستایش ٹھہریگا۔

سچ پوچھئے تو ہم نے اس دیوان کو اس غرض سے شایع نہیں کیا کہ اسکے صلہ میں تحسین و آفرین کی صدائیں سنیں اور اپنی جد و کاوش کی داد لیں اس دیوان کی اشاعت سے محض یہ مقصود ہے کہ اسلاف کا کارنامہ زندگی حوادث کی دستبرد اور انقلابات عالم کے ہاتھوں گاؤ خوردہ ہونے سے بچ جائے اور جس فن کے سیکھنے میں انھوں نے عمریں صرف کر دیں اور جس فن کو انھوں نے معراج کمال پر پہنچایا وہ ابنائے زمان کی ناقدری اور کم التفاتی کی وجہ سے ضایع نہ ہونے پائے۔

گو موجودہ زمانہ میں شعر فہمی اور سخن سنجی کی ایسی ہی حالت ہے کہ جواہر ریزہ اور خزف میں کوئی تمیز کرنیوالا نہیں

لیکن ہنوز زمانہ گزشتہ کی بچی کھچی یادگاریں ایسی موجود ہیں جنکو فارسی شعر و سخن [illegible] ہے اور وہ ٹوٹے گھری کو اچھی طرح برکھ سکتی ہیں اس لئے ہم کو کلام رونق کے قدردانوں کے فقدان پر افسوس بھی نہیں [illegible]۔

اس دیوان کی اشاعت کو طغیانی رود موسی کی کرامات سے سمجھنا چاہئے۔ اگرچہ مصنف کے خاندان میں ایک عرصہ سے یہ دیوان چلا آتا ہے لیکن ان کے اخلاف میں سے کسی کو اسکی طبع و اشاعت کا [illegible] پیدا نہیں ہوا جس کی وجہ شاید یہ ہو کہ وہ اس کو اپنے اسلاف کا ایک ادون واہون کارنامہ سمجھتے ہوں اور اس کو انکے دل و دماغ کا ایک کمترین کرشمہ خیال کرتے ہوں، لیکن طغیانی رود موسی کی زد سے جب یہ نسخہ صحیح و سالم نکل آیا تو میں نے سوچا کہ جس نقطۂ خیال سے ہمارے بزرگوں نے اس دیوان کی اشاعت کی طرف اعتنا نہیں کی گو وہ بجائے خود صحیح ہو لیکن زمانہ کے حوادث و انقلابات سے انکی یادگاروں کو خواہ وہ چھوٹی ہوں یا بڑی محفوظ رکھنا نہایت ضروری امر ہے۔ اسی بنا پر میں نے اپنے عم مکرم قبلہ گاہی مولوی عبد القادر صاحب وظیفہ یاب صوبہ دار گلبرگہ اور برادر معظم مولوی عبد الرب صاحب قبلہ کی خدمت میں تحریک کی اس کو طبع کرا دیا جائے میری تحریک پذیرا ہوئی اور میری نگرانی میں دیوان طبع ہونے لگا مگر اثنائے طبع میں کچھ ایسے گوناگوں غیر مترقب تعویقات پریس کی جانب سے پیش آتے رہے کہ اشاعت دیوان میں غیر معمولی تاخیر ہو گئی اور جس مدت میں اسکو شایع ہو جانا چاہئے تھا اس کے بہت بعد وہ شایع ہوا۔ لیکن اس تعویق و تاخیر کو بھی میں اس مصلحت ایزدی پر محمول کرتا ہوں جس نے طغیانی رود موسی کے ظاہری نقصانات کی تہ میں بہت سے عظیم الشان فوائد اور جلیل القدر سود مند نتایج کو مضمر و مستتر کیا ہے اور جسکا ایک تتمہ طبع و اشاعت دیوان کی شکل میں ہمارے پیش نظر ہے۔ اس تعویق سے یہ فائدہ ہوا کہ اُن کا وہ کلام جو بعد میں دستیاب ہوا تھا اخیر میں منضم کر دیا جا سکا۔ جو بصورت دیگر بحالت ضیق ہی رہتا اور شاید ہی اسکے طبع کی نوبت آتی۔

دیوان کا اصل نسخہ مصنف کے ہاتھ کا لکھا ہوا ہے لیکن بالکل غیر مروف حالت میں تھا طبع کے وقت تمام غزلیں حروف تہجی کے لحاظ سے از سر نو ترتیب دی گئی ہیں۔ یہ نسخہ والد مرحوم کے کتب خانہ میں موجود تھا باوجودیکہ طغیانی رود موسی میں اس کتب خانہ کی قلمی کتابیں اکثر و بیشتر مکان کے ملبے کے نیچے دبکر خراب و خستہ اور از کار رفتہ ہو گئی تھیں لیکن تعجب ہے کہ اس نسخہ پر کسی قسم کی آنچ نہیں آئی۔ میں اپنے ماموں مولوی عبد الواجد صاحب قبلہ فرزند مولوی عبد العلی صاحب والد مرحوم کا نہایت ممنون ہوں کہ انھوں نے دیوان کا اصل نسخہ بغرض طبع عنایت فرمایا اور پرانی بیاضوں میں سے رونق کا کلام جس قدر مل سکا نہایت تفحص و تلاش سے فراہم کر کے مرحمت فرمایا۔ آپکو خاندانی تصنیفات کے ساتھ جو اہتمام و اعتنا ہے وہ نہایت قابل تعریف ہے۔ خاندانی کتب کے ساتھ اگر آپ کو شوق و شغف نہ ہوتا تو بہت کم امید تھی کہ دیوان کا نسخہ موجودہ حالت میں ملتا اور بعض خاندانی تصنیفات کا دیکھنا ہم کو نصیب ہوتا۔

بہر کیف شکر ہے کہ دکن کے ایک مشہور و معروف شاعر کا کلام شایع ہو گیا اور صرصر حوادث سے پریشان اور تلف ہونے سے بچ گیا۔ ہم کو قوی امید ہے کہ آیندہ اگر شعرائے دکن کا تذکرہ لکھا جائے تو رونق کے کلام کے متعلق رائے قائم کرنے کیلئے یہ دیوان بطور رہبر کے کام دیگا۔ ناظرین کی آگاہی کے لئے مصنف کا تذکرہ اور ان کے کلام کے متعلق مختصر سا تبصرہ بھی لکھ دیا گیا ہے جس کا مطالعہ غالباً خالی از دلچسپی نہ ہوگا۔

عبد الباسط۔ مولوی فاضل

رونق کے حالات اور کلام پر تبصرہ



خاندانی حال

غلام محی الدین المخاطب بہ عارف الدین خاں المتخلص بہ رونق کی پیدائش ۱۲۱۹ھ میں بمقام مدراس ہوئی اور وہیں انھوں نے ہوش سنبھالا انکے والد حافظ محمد معروف برہان پور کے باشندہ تھے، نواب والاجاہ کے عہد میں وارد مدراس ہوئے تھے۔ انھیں سے نواب ممدوح نے قرآن مجید کی تعلیم پائی اور تجوید سیکھی تھی۔ رونق نے ایک سجع میں اپنے والد اور دادا کیسا تھ اپنا نام اس طرح نظم کیا ہے ع معروف زعارف ست وشد زان عارف۔ انکا سلسلہ نسب حضرت ابوبکر الصدیق سے ملتا ہے۔ تاریخی کتابوں سے اسکا کوئی پتہ نہیں لگتا کہ اجداد کہاں سے اور کس تقریب سے ہندوستان آئے لیکن خاندانی روایات سے اس قدر ضرور ثابت ہے کہ اس خاندان کے مورث اعلی نے ہندوستان کی طرف جس شہر سے پہلے پہل ہجرت کی تھی وہ موصل تھا۔

ہمارے شہر کے مشہور مورخ مولوی عبد الجبار خانصاحب آصفی فرماتے ہیں کہ "تاریخ مشائخ برہان پور کے مصنف سید ابراہیم سندی نے لکھا ہے کہ شیخ محمد معروف برہانپوری کے بزرگان سلف شادی آباد عرف مانڈو ملک مالوہ سے برہانپور تشریف لائے اور وہیں بود و باش اختیار کی اور شیخ محمد معروف ولد شیخ عارف کی ولادت شہر برہانپور ہی میں ہوئی"[1]

تعلیم

گلزار اعظم میں لکھا ہے کہ رونق نے بچپن میں مولوی محمد اسمعیل اور مولوی حاجی محمد مقیم صاحب سے درسیہ کتابیں قطبی تک نکالیں، اور فارسی کی متداولہ کتابیں غلام محی الدین معجز سے پڑھیں جو اس زمانہ میں فارسی کے بہت بڑے محقق مانے جاتے تھے۔ لیکن درحقیقت فارسی زبان کی انتہایانہ تعلیم انھوں نے سیر باقر آگاہ اور دیگر فضلائے اہل ایران سے حاصل کی تھی جیسا کہ آگے بیان ہوگا۔

مدراس میں شعر شاعری کے چرچے اور رونق کا شعر گوئی کی طرف میلان

یہ وہ زمانہ تھا کہ مدراس شعرائے نازک خیال، اور ہر فن اور ہر علم کے اہل کمال کا مجمع بنا ہوا تھا؛ اخلاط اربعہ کی طرح شاعری بھی ایک ضروری خلط سمجھی جاتی تھی! ستہ ضروریہ کی طرح شعر گوئی بھی ایک ضروری چیز خیال کی جاتی تھی، امیر سے لیکر غریب تک شعر کہتے تھے! یا کم از کم اس کو تفریح طبع کا ایک عمدہ مشغلہ سمجھکر اس میں دلچسپی لیتے تھے! امراء خاص اپنے اہتمام سے مشاعرہ کی مجلسیں منعقد کرواتے تھے! اور بہ شوق و رغبت اس میں شریک ہوتے تھے۔ تذکرہ گلزار اعظم ان شعراء و فضلا کا ایک عمدہ مرقع ہے جس میں ان بزرگوں کی جیتی جاگتی، بولتی چالتی، تصویریں دکھائی دیتی ہیں اور اس دور کی یاد تازہ کرتی ہیں جس میں زندہ دلی اور خوش طبعی کے ساتھ فضل و کمال بھی دوش بدوش نظر آتا ہے۔

سوسائٹی کے اس رجحان کو دیکھکر ایک ناموزوں طبع شخص کے دل میں بھی شعر گوئی کا ولولہ پیدا ہوئے

[1] افسوس ہے کہ یہ کتاب طغیانی رود موسی میں صاحب موصوف کے کتب خانہ سے تلف ہوگئی اسلئے مجھے نقل در نقل کی ضرورت پڑی!

بغیر نہیں رہ سکتا، ایسی حالت میں وہ دل جس میں شاعری کے جذبات موج زن ہوں، اور وہ دماغ جس میں ان جذبات کے ادا کرنے کی قابلیت ہو کس طرح خاموش رہ سکتے تھے۔ رونق نے شاعری سے خداداد مناسبت پائی تھی جس کے باعث میلانِ طبع نے انھیں فارسی عربی کی درسیہ کتب کی تحصیل کے ساتھ ہی بالکل ابتدائی عمر میں شعر گوئی کی طرف متوجہ کر دیا گو اُس زمانہ میں ریختہ گوئی کا رواج ہو چلا تھا اور اکثر شعرا اُردو میں شعر کہنے لگے تھے۔ اظفری جو عالمگیر کے پوتوں میں ہوتے تھے اور خاص قلعہ کے رہنے والے تھے۔ اُن دنوں مدراس میں مقیم تھے۔ اور ریختہ گوئی میں کمال رکھتے تھے انکی وجہ سے مدراس میں اکثر اصحاب کو ریختہ گوئی کا شوق پیدا ہو گیا تھا نیز میر باقر آگاہ[1] کے اُردو منظومات نے ریختہ کو بہت کچھ وقیع بنا دیا تھا۔ تاہم اردو کو وہ عروج و اعتبار نہیں حاصل ہوا تھا جو فارسی کو تھا، اُردو میں اگر اگر لوگ شعر کہتے تھے تو اس کو کوئی فن سمجھکر نہیں بلکہ محض تفنن کے طور پر اس لئے رونق نے۔ زمانہ کے عام رواج کے مطابق۔ فارسی زبان میں شعر کہنا شروع کیا، اور عمر بھر فارسی ہی میں شعر کہتے رہے۔ سنا ہے کہ اپنے پوتے حکیم الممالک حکیم عبد الباسط عشق کو اُردو اور فارسی دونوں زبانوں میں شعر کہتے ہوئے دیکھکر فرمایا کرتے تھے۔ باسط کسی ایک زبان میں شعر کہو ورنہ دونوں میں کچے رہ جاؤگے یکا یکا ہوا کرتا ہے"

رونق ابتدا ابتدا میں میر باقر آگاہ کو اپنا کلام دکھلاتے رہے، لیکن بعد میں فصحاے عجم کے تتبع اور ذوقِ سلیم کی رہنمائی پر بھروسہ رکھا۔ آگاہ کے علاوہ انھوں نے مستند اہل زبان مثلاً مرزا صادق کوکب شیرازی[2] وغیرہم کی صحبت ایک مدت تک اٹھائی تھی جو اس زمانہ میں مدراس میں مقیم تھے۔ گلزار اعظم میں لکھا ہے کہ اُن کو اہل زبان کے روزمرہ اور محاورات کا بڑا خیال تھا، اور انکی تقلید و تتبع کے نہایت پابند تھے تذکرہ معدن الجواہر میں لکھا ہے کہ شعرائے متاخرین کے تقریباً ایک لاکھ شعر انھوں نے اپنے ہاتھ سے لکھے تھے، نوجوانی میں مطالعہ کا اس قدر شوق تھا کہ وقت کی قید نہ تھی رات دن مطالعہ میں مشغول و منہمک رہتے تھے۔ جس پر خود انکا یہ شعر

---

[1] دکن کے مشہور عالم اور باکمال شاعر جنکے مطارحات میر غلام علی آزاد کے ساتھ مشہور ہیں۔ دور اخیر میں دکن کی جتنے علما و فضلا و شعرا گزرے ہیں وہ سب آپ ہی کے فیضان کمال سے بہرہ ور اور مستفید ہوئے ہیں باوجود علم و فضل کے زہد و اتقا میں بھی مشہور تھے، اور صاحب باطن سمجھے جاتے تھے۔ مولوی محمد مرتضی صاحب نے نہایت قابلیت کے ساتھ آپکی سوانح اُردو میں لکھکر صحیفہ کے ذریعہ سے شائع کی ہے۔ ولادت ۱۱۵۸ھ میں اور وفات ۱۲۲۰ھ میں ہوئی مشتے نمونہ از خروارے یہاں آپکی صرف ایک رباعی لکھی جاتی ہے ؎ ایران بقیاس ہر سقیم الافکار، بر جان دار د بجفد جنت آثار، نشنید کہ بر طبق احادیث آدم، در ہند فرود آمد و در ایران مار،

[2] مرزا صادق کوکب شیرازی ایک فاضل شخص تھا، جو تلاش روزگار ۱۲۱۰ھ میں پھرتے پھراتے مدراس پہنچ گیا تھا نواب مدراس نے از راہ قدر دانی ساڑھے تین سو روپیہ مشاہرہ پر خدمت افتا سپرد کی، لیکن قاضی القضاۃ مستعد خاں سے بوجہ تخالف مذہبی چشمک ہو گئی مرزا نے تنگ آکر نوکری چھوڑ دی اور وطن کو واپس چلا گیا ۱۲۱۹ھ میں اسہال کبدی کے عارضہ سے انتقال کیا نستعلیق اور شفیعا بہت اچھا لکھتا تھا، کبھی کبھی شعر بھی کہا کرتا تھا۔ رونق کی زبانی اس کا ایک شعر منقول ہے جس سے اسکی اصابت فکر اور فضیلت کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔ وہو ہذا۔

شنگرف راخط غبار آلود دارد اندکے   خوب جلوہ نیست اما دود دارد اندکے

شاہد ہے ۵ زیخ گردش لیل و نہار یافت نجات ۶۰ چو رونق آنکہ بدل انست از کتاب گرفت

اس کا اثر ابتدا میں تو کچھ محسوس نہیں ہوا لیکن پایان عمر میں، دماغی عوارضات میں مبتلا ہو گئے تھے۔

ملازمت و دیگر حالات

بیس سال کی عمر میں، نواب عمدۃ الامرا کی سرکار میں، ملازم ہوئے۔ اس عمر میں انھوں نے فارسی زبان میں وہ کمال حاصل کر لیا اور شاعری میں اس قدر مشق بہم پہنچائی تھی، کہ نواب ممدوح نے بکمال قدردانی، امیر الملک تاج الامرا بہادر نواب محمد علی حسین خاں ماجد ولیعہد کی مصاحبت اور اتالیقی پر مامور فرمایا۔ ماجد مدراس کے امرا اور نواب زادوں میں، نہایت خوش فکر، ذہین اور طباع نوجوان گزرے ہیں، اُن کی طبیعت اور ذہن کا آدمی، خاندانِ والاجاہی میں کوئی نہیں ہوا۔ شعر شاعری میں وہ رونق کے ہمطرح تھے۔ ماجد کی استقامت طبع اور سلیقہ شاعری کے عمدہ ہونے کی ایک بڑی وجہ یہ بیان کی جاتی ہے کہ اُن کی مصاحبت میں، رونق کا سا سلیم الفکر اور مستقیم الطبع شخص تھا۔

ماجد، رونق کو بوجہ فن شعر میں اُن کی غیر معمولی قابلیت اور خداداد لیاقت کے بیحد عزیز رکھتے تھے، گھڑی بھر اپنی مصاحبت سے جدا ہونے نہیں دیتے تھے، اور ہمیشہ الطاف و عنایات اور خاص التفات فرمایا کرتے تھے۔ رونق کو بھی ان کے ساتھ بے انتہا دلبستگی بلکہ الفت و محبت ہو گئی تھی، جب عین عنفوان شباب میں ماجد کا انتقال ہو گیا، اور عنانِ ریاست ماجد کے حریفوں کے ہاتھ میں چلی گئی، تو رونق کو اس کا اس قدر صدمہ ہوا کہ وہ اپنے وطن مالوف کو چھوڑ کر، کڑپا، بلھاری، چتّور، وغیرہ مضافات مدراس کی طرف چلے گئے۔ اور ایک زمانہ تک وہیں رہے۔

اُن کے فرزند مولوی مہدی واصف لکھتے ہیں کہ ترک وطن کرنے کے بعد وہ اُس صیغہ میں ملازم ہو گئے جو یورپین افسروں کو فارسی زبان کی تعلیم دینے کیلئے قایم ہوا تھا۔ ان سے تعلیم پائے ہوئے افسروں میں سے ایک سر ٹامس منرو بھی ہیں جو مدراس کے مشہور گورنر گزرے ہیں۔ اس خدمت کے بعد گورنمنٹ کا صیغہ انشا ان کے سپرد ہوا۔ گورنر مدراس کی جانب سے نوابوں اور امرا کو جو خطوط بھیجے جاتے تھے وہ رونق ہی کے قلم سے نکلتے تھے۔

سفر حیدرآباد

مدت مدید تک باہر رہنے کے بعد وہ دوبارہ ایک بار مدراس آئے۔ یہاں آکر انھوں نے دیکھا کہ تختہ کا تختہ بدل گیا ہے، اور وہ اگلا سا نقشہ ہی نہیں رہا بعض قدیم دوست اب بھی موجود تھے امیر کبیر میر مبارک اللہ خاں راغب صاحب فراق زمانہ و رونق کے اوائل عہد کے دوست تھے، وہ بڑے تپاک سے ملے، اور جب تک رونق مدراس میں مقیم رہی خاطر و مدارات کرتے رہے، اور قدیم مراسم میں، امتداد زمانہ کی وجہ سے سرمو فرق نہیں آنے دیا۔ تاہم مدراس رونق کیلئے انقلاب سلطنت و رائین سلطنت کے باعث بالکل اجنبی شہر بن گیا، اس لئے انھوں نے حیدرآباد کا رخ کیا، اور اپنے بڑے فرزند مولوی غلام زین العابدین صاحب کے پاس چلے گئے، اور عرصہ دراز تک وہیں عزلت گزیں رہے۔ اُس وقت اُن کی عمر ستر سال کی تھی۔

معاودت بمدراس و شرکت مشاعرہ اعظم

اقامت حیدرآباد کے زمانہ میں وہ دو تین بار، دوستوں کی ملاقات کے لئے مدراس گئے اور آئے سنہ ۱۲۶۰ھ میں جبکہ اُن کا سن شریف چوہتر سال کا تھا،

بعض احباب کے اصرار سے وہ پھر ایک بار مدراس گئے۔ یہ زمانہ غلام غوث خاں اعظم کا تھا۔ نواب موصوف شعر شاعری سے خاص دلچسپی رکھتے تھے، اُن کے دربار میں شعرا کی بڑی آؤبھگت ہوتی تھی، نیا نیا شوق تھا، مشاعرۂ اعظم کے نام سے ایک مجلس قایم کی تھی۔ جس میں نامی گرامی کہنہ مشق شعرا کی باریابی ہوتی تھی، نو مشقوں کو اس محفل میں جگہ نہیں دی جاتی تھی۔ رونق اس دفعہ جب مدراس گئے تو افضل الشعرا شیریں سخن خاں راقم میر مشاعرہ نے، اُنکی تقریب کی اور وہ مشاعرۂ اعظم میں داخل ہوگئے اور ان کی تنخواہ بھی مقرر ہوگئی۔ تذکرہ گلزار اعظم کی تصنیف کے وقت جس کو نواب موصوف کے نام سے، راقم نے تالیف کیا ہے، رونق سے بہت مدد لی گئی ہے۔ کئی شعرا کے حالات رونق کی زبانی منقول ہیں۔ اُن کے مدراس بلائے جانیکی ایک بڑی وجہ یہ بھی بتائی جاتی ہے کہ تذکرہ کے لکھنے میں اُن مدد لی جائے، کیونکہ معمر ہونے کے باعث، بہت سے حالات ان کو چشم دید معلوم تھے

وفات اس زمانہ میں رونق نے، پیرانہ سری اور دماغی عوارضات کی وجہ سے شعر شاعری یکلخت ترک کردی تھی، اور دنیاوی تعلقات بھی منقطع ہوگئے تھے، ہمیشہ گوشہ نشیں اور یاد الٰہی میں مصروف رہتے تھے، چنانچہ اسی حال میں، چند سال گزرنے کے بعد مدراس ہیں، انتقال فرمایا۔ سن وفات ٹھیک معلوم نہیں ہوسکا۔

شکل و شمائل نہایت سرخ و سپید، وجیہ، متوسط القامت اور بھاری بھرکم تھے۔ عمامہ باندھتے اور قبا پہنتے تھے، شطرنج کے نہایت دلدادہ تھے، جب کبھی کھیلنے بیٹھ جاتے تو دنیا و مافیہا کی خبر نہیں رہتی تھی۔ فرمایا کرتے تھے کہ اس کا شوق میری اولاد میں بھی منتقل ہوگا چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ خط شفیعا شکستہ آمیز تھا۔ طبیعت حق گو اور آزادی پسند، واقع ہوئی تھی جیسا کہ اپنے ایک شعر میں بیان فرماتے ہیں

حرف حق گویم و اندیشہ ندارم از کس　　　داد منصور خلافت بسر دار مرا

مال و دولت اور جاہ دنیوی کو ہمیشہ ہیچ سمجھا اور کبھی اس کے حاصل کرنے کیلئے خودداری اور حریت کو ہاتھ سے نہیں دیا۔

اولاد ایک لڑکیاں اور چار لڑکے یادگار چھوڑے۔ لڑکوں میں خلف اکبر نواب غلام زین العابدین خان مرحوم ریاست حیدرآباد میں مناصب جلیلہ پر فائز رہے اور جاہ دنیوی کے اعتبار سے خاص شہرت رکھتے ہیں۔ جنکی باقیات الصالحات کے منجملہ ان ایک پوتے مولوی محی الدین علیخاں صاحب بی۔ اے بیرسٹر ایٹ لا اس وقت ضلع پربھنی کے اول تعلقدار ہیں۔

دوسرے فرزند مولوی مہدی واصف جو تبحر علمی اور کثرت تصانیف اور السنہ مختلفہ کے زباندان ہونے کے لحاظ سے نہایت ممتاز ہیں، ان ہی کے احفاد میں احقر کے والد ملا عبد القیوم صاحب مرحوم ہوتے ہیں جنکی ملکی اور اسلامی خدمات سے ہندوستان کی پبلک اچھی طرح واقف ہے۔ اب واصف کی زندہ یادگاروں میں جو خاص خصوصیات سے ممتاز ہیں۔ ایک میرے حقیقی تایا مولوی عبد الحی صاحب وظیفہ یاب دوم تعلقدار ہیں جو فارسی شاعری میں اس خاندان کی بہترین نشانی ہیں اور فن تاریخ گوئی میں اپنی آپ نظیر ہیں، دوسرے میرے چچا مولوی عبد القادر صاحب سابق صوبہ دار گلبرگہ

ہیں جنکو خدا نے خاص پولیٹکل دماغ عطا کیا ہے اور جنھوں نے محض اپنی قابلیت سے ابتدائی مدارج طے کرتے ہوئے اعلیٰ ترین خدمات تک عروج حاصل کیا۔ خدا ان بزرگواروں کو سلامت باکرامت رکھے۔

تیسرے فرزند مولوی حمید الدین صاحب مرحوم جو خوش نویس تھے ان کے کوئی اولاد نہیں ہوئی۔ چوتھے حافظ رشید الدین صاحب یہ بھی لاولد فوت ہوئے۔

اصناف کلام میں مہارت اور مختلف تذکروں کی رائے انکی شاعری کی نسبت

رونق کے حالات زندگی میں، سوائے فارسی شاعری کے کوئی جسیم بالشان کارنامہ نہیں ملتا، سوائے ایک دیوان کے، انھوں نے تصنیف و تالیف فرماتے تھے کہ عجب العجاب مؤلفہ تمنا اورنگ آبادی میں لکھا ہے کہ رونق نے ایک مختصر تذکرۃ الشعرا بھی تصنیف کیا تھا۔ پہلے زمانہ میں رواج تھا کہ ہر ایک پختہ مشق شاعر دیوان کی ترتیب کے ساتھ ہی ایک تذکرہ بھی مرتب کیا کرتا تھا جس میں شعرائے متقدمین کا کلام، اور معاصرین کے حالات اور ان کے اشعار اپنی پسند اور مذاق کے بموجب انتخاب کئے جاتے تھے۔ ممکن ہے کہ رونق نے بھی کوئی تذکرہ لکھا ہو، مگر اسکا پتہ کسی اور تذکرہ میں نہیں پایا گیا اور نہ عجب العجاب میری نظر سے گذری قاسم بیگ اور سرفراز حسین خاں قاری دو بھائی تھے جن سے رونق کو دلی محبت تھی۔ یہ دونوں دریا میں ڈوب کر فوت ہوئے تھے۔ رونق نے اول الذکر کے مرثیہ میں سیلاب غم اور ثانی الذکر کے مرثیہ میں گرداب غم نامی دو مثنویاں لکھی تھیں۔ اب یہ مثنویاں تو درکنار ان کے اشعار بھی کہیں دیکھنے میں نہیں آتے۔ ان کی نسبت معدن الجواہر میں یہ ریمارک ہے: "بہ فیض طبع روان خیلے پرسوز گفتہ"۔

رونق کو انواع سخن میں، دستگاہ کامل حاصل تھی، ہر صنف کو استادانہ کہتے تھے، افسوس ہے کہ ان کے قصاید دو سے زیادہ دستیاب نہیں ہوسکے مگر غالباً ان کے قصاید کا ذخیرہ غزلیات سے کچھ کم نہ ہوگا مولوی نجم الدین حسن صاحب افضل مرحوم اپنے والد شیریں سخن خاں راقم سے نقل فرماتے تھے کہ رونق نے اکثر جلسوں میں زور وشور کے قصیدے ارتجالاً کہے تھے۔ اس قول کی تصدیق گلزار اعظم سے بھی ہوتی ہے چنانچہ اس میں لکھا ہے: "بارہا در محافل کثیرہ شعر بدیہی میگفت و گوہر سخن بمثقب قلم شتابی رقم می سفت"۔

گلزار اعظم میں ان کے کلام کی نسبت لکھا ہے: "در انواع سخن قدرت تامہ می داشت و ہر یکے را بکمال خوبی می نگاشت معدن الجواہر میں مولوی مہدی واصف لکھتے ہیں: "رونق قصیدہ وغزل ومثنوی پاکیزہ می گوید و بر فصاحت وخوبی بیان خود نازشہا داشت، حقیر ہم نہ از روے فرزندی بلکہ از روے انصاف براین امر شاہد عادلم"، بینش لکھتے ہیں: "شعرش سادہ و پرکار و او نزد اہل انصاف بملک الشعرائی سزاوار"۔

ملک الشعرائی کا خطاب

میں نے اپنے والد ملا عبد القیوم صاحب مرحوم اور نیز دوسرے بزرگوں کی زبانی سنا ہے کہ رونق کو، نواب کی طرف سے، ملک الشعرائی کا خطاب بھی ملا تھا، اور وہ شہر استاد تسلیم کئے جاتے تھے، لیکن تذکرہ گلزار اعظم اور صبح وطن میں اس کو کوئی

ذکر نہیں ہے۔ البتہ تذکرہ بینش میں اُن کی شاعری کی نسبت جو ریمارک کیا گیا ہے اُس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ عموماً اپنے منصف مزاج ہمعصروں کے نزدیک خطاب ملک الشعرائی کے سزاوار و اہل سمجھے جاتے تھے۔ ممکن ہے کہ نواب عمدۃ الامرا کی سرکار سے انھیں ملک الشعرائی کا خطاب ملا ہو، چونکہ بہت جلد نواب ممدوح کی حکومت کا خاتمہ ہو گیا اور اُن کے فرزند ارجمند ماجد بھی عین عالم جوانی میں انتقال کر گئے اور رونق بھی دربار سے علیحدگی اختیار کر کے مضافات مدراس میں چلے گئے۔ اور بعد میں جو لوگ تخت کے وارث ہوئے وہ ماجد کے خاندان سے چشمک رکھتے تھے، اور ان کے وابستگوں اور ہوا خواہوں کو بھی نظر سے نہیں دیکھتے تھے، اس لئے یہ امر بالکل قرین قیاس ہے کہ رونق کا یہ خطاب بعد میں تسلیم نہ کیا گیا، چونکہ رونق کی شاعری اور ان کے فرزند مولوی مہدی واصف کا ذوق سخن عموماً شعرائے مدراس کے برخلاف تھا اور نواب غلام غوث خاں اعظم اور ان کے استادوں کے کلام پر واصف نے نہایت دلیری اور بیباکی سے نکتہ چینیاں کی تھیں، بنابریں اگر مصنف صبح وطن و گلزار اعظم نے رونق کے خطاب کو تسلیم اور اس کا ذکر اپنے تذکرہ میں نہ کیا ہو تو کوئی تعجب خیز امر نہیں ہے۔

کلام پر تبصرہ

حالات مذکورۃ الصدر سے، واضح ہے کہ رونق کو مثل اُن کے فرزند مولوی مہدی واصف کے، تالیف و تصنیف کا شوق نہیں تھا، اور غالباً انکی عربی استعداد بھی معمولی تھی۔ لیکن فارسی زبان اور فارسی شاعری میں وہ اپنے زمانہ کے محقق اور شہر اُستاد تسلیم کئے جاتے تھے، ایک زمانہ تک انھوں نے اہل زبان کی صحبت اُٹھائی تھی، اور محاورات فارسی کی تحقیق میں، ان کے تبحر اور کمال فضیلت کی شہادت، مدراس کے اکثر تذکرے دیتے ہیں۔ اُن کے کلام سے خود اس امر کا پتہ لگتا ہے کہ فارسی لٹریچر میں انکی معلومات نہایت وسیع تھی، اور اہل زبان کے روزمرہ اور محاورہ پر اُن کو پورا عبور تھا چنانچہ غزلیات میں، جابجا، انھوں نے اپنے کلام کی پختگی، اور مضمون آفرینی کے ساتھ، سلاست اور روانی اور بیساختگی پر فخر کیا ہے، چنانچہ کہتے ہیں ؎ بہ پختگی کلامت نمی رسد فکرے، معاصران تو رونق خیال خام کنند، ایک اور جگہ فرماتے ہیں ؎ مدہ تشبیہ شعرکسے نسبتے مرا رونق، کلام من زندائی سرش می گوید اس میں شک نہیں کہ ایک ایسے زمانہ میں، جبکہ فارسی شاعری، سوائے لفاظی اور خیال بندی کے کچھ نہیں رہی تھی، اور دور از کار استعارات، نامانوس تراکیب، مغلق و پر از تعقید اسالیب، کو مایۂ ناز سمجھا جاتا تھا، اور ناصر علی اور بیدل کی تقلید کو، سرمایۂ افتخار اور معراج کمال خیال کیا جاتا تھا، ایک شخص کا اپنی سوسائٹی کے برخلاف آواز نکالنا، اور ان کے عام رجحان کے خلاف ایک الگ روش اختیار کرنی، اور اس گروہ کی مخالفت کرنی جس میں انکو سرخروئی اور بلند نامی، حاصل کرنی تھی، بالکل تعجب انگیز بات ہے، اور اس کی سلامتی طبع کا پتہ دیتی ہے، اور اس امر کو ظاہر کرتی ہے کہ فطرت نے اس کا سلیقہ درست اور صحیح بنایا تھا اور اسکی طبیعت کا سانچہ استقامت و راستی پر ڈھالا گیا تھا۔

شاعری اور مصوری دونوں، ایک قبیل سے ہیں۔ فرق اتنا ہے کہ مصوری میں کسی شے کی تصویر رنگ و روغن سے کھینچی جاتی ہے اور شاعری میں، الفاظ کے ذریعے سے جس طرح ہزاروں لوگ تصویر کھینچتے ہیں لیکن جو چیز تصویر کی جان ہے وہ ان کے قلم میں نابود ہوتی ہے۔ اسی طرح بہتیرے لوگ شعر کہتے ہیں مگر شعر کی روح رواں ان کے کلام میں مفقود ہوتی ہے۔ فارسی شاعری کے اخیر دور میں یا تو شاعری کی حقیقت کو نہ سمجھ کر یا اس وجہ سے کہ متقدمین تمام نیچرل اسالیب برت چکے تھے اور اپنے پیچھے آنے والوں کے لئے کوئی ایسا اسلوب باقی نہیں رکھا تھا جس سے کوئی کیفیت اور حالت نیچرل طور سے نئے اسلوب اور نئے پیرایہ میں، ظاہر کی جا سکے۔ متاخرین نے ایک ایسا طرز اختیار کیا جو اگرچہ بظاہر جدت نما تھا، لیکن اصول شاعری کے بالکل برخلاف بلکہ اسکے ارکان کو منہدم کر ڈالا تھا۔ بیدل اور ناصر علی اس طرز کے مکمل کرنے اور ترقی دینے والے سمجھے جاتے ہیں یہ طرز ہندوستان میں بوجہ اپنی جدت کے عموماً مقبول ہو گیا۔ علی العموم تمام شعرائے ہند (الا ماشاء اللہ) جنکو مبدء فیاض سے ذوق سلیم عطا ہوا تھا، اسی ڈگر پر چلنے لگے۔ جیسا کہ مشہور ہے کہ جب کوئی فن اپنے موضوع پر قایم نہیں رہتا تو اسکی ترقی رک جاتی اور وہ زوال پذیر ہو جاتا ہے۔ اس طرز کو اختیار کرنے کا نتیجہ یہ ہوا کہ فارسی شاعری کی ترقی رک گئی اور اس روش چلنے والوں نے اس میں کوئی مفید اضافہ تو درکنار، اس کو اپنے مرکز پر بھی قایم رہنے نہیں دیا جس کی وجہ سے شاعری جو فنون لطیفہ میں شمار کی جاتی تھی، ڈھکوسلہ سازی اور تک بندی ہو گئی۔ بیدل اور ناصر علی نے اپنی روش خاص میں جو شعر کہے ہیں۔ وہ بوجہ کثرت تشابیہ اور استعارہ در استعارہ ہونے کے اس قدر گنجلک اور مغلق ہیں کہ نہ ان کا کوئی معنے معین کیا جا سکتا، اور نہ سننے اور سمجھنے والے کو یہ اطمینان ہو سکتا ہے کہ شعر کے وہی معنے ہیں جو اس نے سمجھے ہیں یہی وجہ ہے کہ اہل زبان بیدل اور ناصر علی کی شاعری کو نہیں مانتے صاحب آتشکدہ آذری ناصر علی کی نسبت لکھتا ہے کہ ان بزرگوار کے کلام میں بوجہ کثرت تشابیہ کے کوئی معنی معین نہیں کیا جا سکتا۔ موم کی ناک ہے کہ جدھر چاہا موڑ دی۔ ایک اردو شاعر نے اس طرز کے شعرا کا اشعار ذیل میں خوب خاکہ اڑایا ہے ؎

اگر اپنا کہا تم آپ ہی سمجھے تو کیا سمجھے | مزا کہنے کا جب ہے اک کہے اور دوسرا سمجھے
کلام میر سمجھے یا زبان میرزا سمجھے | مگر انکا کہا یہ آپ سمجھیں یا خدا سمجھے

قرب عہد کی وجہ سے مدراس کے اکثر شعرا نے بیدل اور ناصر علی کا رنگ اختیار کر رکھا تھا سوا معدودے چند اہل سخن کے عموماً تمام کے خیالات میں وہی بیدلیت، طرز بیان میں وہی اغلاق اور اسالیب کلام میں وہی گنجلک نظر آتی ہے جو خیال بندوں کا خاصہ ہے۔

لیکن رونق نے اپنے ہمعصروں کی طرح یہ روش اختیار نہیں کی۔ جس کا محرک یا تو محض انکا ذوق سلیم تھا جو قدما کے کلام کو مطالعہ کرنے سے انکی طبیعت میں راسخ ہوا تھا۔ یا ان فضلائے ایران کی فیض صحبت کا نتیجہ تھا جو حسن اتفاق سے ان دنوں، مدراس میں، اقامت گزیں تھے رونق ہی کی تربیت و تعلیم کا اثر تھا کہ مهدی و اصف بھی اس رنگ میں شعر کہنے سے بچتے تھے اور اس طرز کو نام دھرتے تھے۔ باپ ہی کے خیالات کا پرتو تھا کہ بیٹے نے اپنے تذکرہ میں جا بجا ناصر علی کے کلام پر نہایت آزادی سے نکتہ چینی و خردہ گیری کی ہے، اور معاصرین کو زمرہ اور محاورہ کی پابندی، اور بجائے بیدل و ناصر علی کے اہل زبان

کے تتبع کا مشورہ دیا ہے اسی بنا پر اُن میں اور اُن کے معاصرین میں نوک جھوک ہوتی رہی اور یہ ایراد و اعتراض کا معرکہ گرم رہا جسکی تفصیل گلزار اعظم سے واضح ہوگی۔

دیوان رونق میں ایک غزل ہے جس میں رونق نے خیال بندوں کے طرز کی مذمت کی ہے بمناسبت مقام ہم اس غزل کو بتمامہ درج ذیل کرتے ہیں جس سے ناظرین طرز سخنگوئی کے متعلق ان کے خیالات کا بخوبی اندازہ کرسکیں گے:

صاف بندی ست خوبی اشعار | خاک بر فرق وقت گفتار
دیدنِ صاف و دُردِ می این رمز | میکند بر دقیق گو اظہار
لیک آن را لطافتے باید | ورنہ زان گفتگوست لازم عار
کن نگہ اے دقیقہ بند سخن | در کلام زلالی خوانسار
فہم مضمون اوست بس مشکل | گشت تشخیص معنیش دشوار
وقت شعر بودہ مرغوبم | کرد ماجد مرا ازین بیزار
مختلف شد مزاجہا رونق | چہ ضرورست این قدر انکار

اس غزل کو دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ابتدا ابتدا میں یہ بھی دقت و اشکال کو پسند کرتے تھے اور **ناصر علی** اور **بیدل** کے ہمنوا و ہمصفیر تھے، لیکن **محمد علی حسین خاں ماجد** کی طرز شاعری اور ذوق سخنگوئی نے، انکو اس روش کے چھوڑنے پر مجبور کیا، مگر اس سے یہ خیال نہیں کیا جاسکتا، کہ **ماجد** کا رتبہ شاعری میں **رونق** سے بڑھا ہوا تھا، یا انھوں نے **رونق** سے فن شعر میں کوئی استفادہ نہیں کیا، گو تمام تذکروں میں **ماجد میر باقر آگاہ** کے شاگرد بتائے جاتے ہیں، لیکن یہ بخوبی ثابت ہے کہ **آگاہ** نے جب ناراض ہوکر **ماجد** کی اصلاح موقوف کردی تھی تو وہ **رونق** ہی سے مشورہ لیا کرتے تھے اور ان ہی کو اپنا کلام بتاتے تھے۔ چنانچہ **گلزار اعظم** میں لکھا ہے: "زفکر سخن ہم بطرز اینان (یعنی متاخرین) بمطرحی **عارف الدین خاں رونق** اختیار نمود" "**معدن الجواہر**" میں لکھا ہے: "بنا بر ترقی ذہنیش افصح الفصحا، امام الشعرا نواب **تاج الامرا بہادر** مرحوم مامور گشتہ بسبب کمالے کہ درین فن داشت مقبول خاطر دریا مقاطر نواب ممدوح گردید و با وعلی الدوام ہنگامہ صحبت و مجلس مشاعرہ گرم میداشت" واصف اسی تذکرہ میں **ماجد** کی شاعری کے اسباب ترقی بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں: "صحبت پدر بزرگوار اعنی **عارف الدین خان رونق** کہ سراج منیر بزم سخنوری ست دریافت در کمتر فرصتے ترقی نمایاں کرد" اکثر ایسا بھی ہوتا ہے کہ استاد اپنے لائق شاگردوں کے مشورہ سے مستفید ہوتا ہے اور انکے ساتھ مساوات کا برتاؤ رکھتا ہے۔ اس سے اسکی استادی اور کمال پر حرف نہیں آسکتا بلکہ اسکی منصف مزاجی اور تواضع و انکسار کا ثبوت ملتا ہے۔ مشہور ہے کہ **نواب مصطفیٰ خاں شیفتہ**، **غالب** مرحوم سے اصلاح لیا کرتے تھے اور **مومن خان** کے بعد ان ہی کو اپنا کلام بتاتے تھے، لیکن **غالب** انکی شان میں فرماتے ہیں ؎

غالب بفنِ گفتگو ناز د بدیں ارزش کہ او | ننوشت در دیوان غزل تا مصطفیٰ خاں خوش نکرد

مرزا غالب کے بعض قصاید میں شیفتہ نے الفاظ بدل دئے تھے، چونکہ اصلاح صحیح تھی اس لئے مرزا کی سلامتی طبع نے اسکو تسلیم کر لیا یہی حال رونق اور ماجد کا سمجھنا چاہئے۔

اُن کے دیوان میں ایک اور غزل ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ وہ نری صاف گوئی کو کافی خیال نہیں کرتے بلکہ کلام کی عمدگی اور برتری کے لئے ضروری سمجھتے ہیں کہ بے تکلفی اور برجستگی کے ساتھ شعر میں کچھ نہ کچھ بات بھی پیدا کی جائے۔ درحقیقت جس شعر میں صفائی بیان کے ساتھ لطف مضمون بھی ہو اس کو شعر نہیں سحر کہنا چاہئے۔ حسن معنی اور خوبی ادا کے علاوہ الفاظ کی روانی اور سلاست بھی اگر جمع ہو جائے تو اس میں کوئی شک نہیں کہ شعر میں جان پڑ جاتی ہے؛ اور درحاصل ایسے ہی کلام پر شعر کا اطلاق صحیح ہو سکتا ہے، اور ایسے ہی کلام کی نسبت کہا گیا ہے ان من البیان لسحرا۔ ایسا شعر جس سے سوائے دندانِ تو جملہ در دہانند کے اور کچھ مفہوم نہ ہو کلام منظوم سے زیادہ وقعت نہیں رکھ سکتا۔ غزل مذکور کے چند شعر مناسبت مقام لکھے جاتے ہیں۔

بے تکلف گر بود در شعر سامانِ تلاش	پیشِ اربابِ سخن باشد ہماں جانِ تلاش
بر فصاحت ہائے شعر ماست ایمانِ تلاش	معنیٔ برجستۂ ما بے سخن جانِ تلاش
بسکہ دارم جستجوئے معنیٔ رنگیں بدل	از بہارِ فکرِ تم خرم گلستانِ تلاش
جیب و داماں نگہ لبریزِ گوہر میکند	کلکِ گوہر بارِ من گردید نیسانِ تلاش
بسکہ در شعرم بود رونق لطافت بیشمار	کردہ ہر بیتم نہاں در خویش دیوانِ تلاش

موجودہ دیوان عالم جوانی کا کلام ہے

والد مرحوم* کی زبانی منقول ہے کہ یہ دیوان ان کے ابتدائی زمانہ کا کلام ہے۔ پایانِ عمر کا کلام یا تو جمع نہیں ہوا یا تلف ہو گیا۔ یہ روایت ایک حد تک صحیح معلوم ہوتی ہے کیونکہ تذکرۂ صبح وطن سے جس قدر غزلیں نقل کی گئی ہیں، ان میں کوئی بھی دیوان میں موجود نہ تھی اور گلزارِ اعظم اور معدن الجواہر میں بہت سے ایسے شعر نظر آئے جو اصل نسخہ میں درج نہ تھے۔ تذکرۂ صبح وطن کی منقولہ غزلوں کو دیکھنے سے معلوم ہوتا کہ انکی پایانِ عمر کے کلام میں ایک خاص پختگی اور روانی اور صفائی ہے جو موجودہ دیوان میں کم نظر آتی ہے۔ ان تمام غزلوں میں اکثر و بیشتر اخلاق و تصوف اور وعظ و نصیحت کے مضامین باندھے گئے ہیں جس سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ عہدِ پیری کا کلام ہے جبکہ دنیاوی تعلقات منقطع ہو گئے تھے اور گوشہ نشینی اور عزلت گزینی کی وجہ سے مضامین کی تراوش کی ایک خاص انداز میں ہوتی تھی اور کہنہ مشقی کے سبب سے کلام نہایت صاف اور ہموار ہو گیا تھا۔ ان کے قصیدہ کے ایک شعر سے بھی یہ مفہوم ہوتا ہے کہ انکا بہت سا کلام ضائع ہو گیا اور اسکو جمع کرنے کی نوبت نہیں آئی چنانچہ لکھتے ہیں ؎

بفنِ نظم نمودہ ست گرچہ عمرے صرف	ز دستِ جورِ فلک جملہ محو و نسی شد

* مولوی عبد العلی صاحب والد فرزند مولوی مہدی واصف جو اس زمانہ میں فارسی زبان کے بہت بڑے محقق و باکمال شاعر گزرے۔ آپ کا کلیات نظم و نثر چھپکر شائع ہو چکا ہے۔

کلام کی خصوصیات

ان کے کلام کی مہتم بالشان خصوصیت بتفصیل اوپر بیان کی جاچکی ہے، اس لئے یہاں اس پر زیادہ لکھنے کی ضرورت نہیں۔ آیندہ جن خصوصیات پر بحث کی جائیگی اور مثیلاً جس قدر اشعار پیش کئے جائینگے وہاں ضمناً صفائی اور سلاست بیان کے لحاظ سے بھی نظر ڈالنی چاہئے کہ وہ ان کے کلام سے اُسی طرح جدا نہیں ہوسکتی جیساکہ ناخن گوشت سے۔

اس دیوان میں جسقدر غزلیں ہیں وہ باکثر مشاعروں کی طرحی غزلیں ہیں۔ شاعر ہو یا مصنف از خود کسی عنوان پر جس عمدگی اور خوبی سے لکھے گا وہ فرمایش پر نہیں لکھ سکتا۔ اپنی خواہش اور ارادے سے وہ جو کچھ لکھتا ہے اس میں جوش اور مضامین کی آمد اسکی مدد کرتی ہے۔ لوگوں کی فرمایشات کی تعمیل میں جو کچھ لکھا جاتا ہے اس میں آورد اور بناوٹ اور تکلف اور تصنع سے کام لیا جاتا ہے اور جس طرح بن پڑے کام کو ٹالا جاتا ہے اس لئے اکثر دیکھا گیا ہے کہ مشاعروں کی غزلوں میں وہ بات نہیں رہتی جو شاعر کی اپنی طبیعت سے لکھی ہوئی غزلوں میں ہوتی ہے۔ بسا اوقات اسکو سننے والوں کے خوش کرنے اور اُنکی واہ واہ سننے کے لئے اپنے جادہ سے ہٹ کر چلنا پڑتا ہے۔ لہٰذا کسی مصنف یا شاعر کے کلام کا اصلی زور، اُسکی طبیعت کا انداز، اسکے قلم کی جولانی دیکھنی ہو تو اوریجنل تصانیف ہیں۔ ایسے میدان میں دیکھنی چاہئے جہاں اُس کا اشہب قلم بالکل مطلق العنان ہو، اور اسکی طبیعت کسی فرمایش کرنے والے کی قرمایش اور کسی ستایش کرنے والے کی ستایش کی پابند نہ ہو۔ یہ بات دیوانِ رونق میں مشکل سے نظر آئیگی۔ کیونکہ اس میں اکثر وہی غزلیں ہیں جو مشاعروں کے لئے لکھی گئی ہیں۔ علاوہ بریں ایک اور خرابی یہ ہے کہ اُنکی زمینیں ایسی مشکل ایسی سنگلاخ اور دشوار گزار ہیں انکو طے کرتے ہوئے اچھے سے اچھے پختہ مشق اور کہن سال شاعر کا قدم بھی ڈگمگائے بغیر نہیں رہ سکتا اور ان میں کوئی چبھتا ہوا شعر نکالنا اور کسی دلکش و دلنشین مضمون کا نظم کرنا ایسا ہی مشکل ہے جیساکہ ہتیلی پر سرسوں جمانا یا پتھر میں سے درخت اُگانا۔ ایسی زمینوں میں ایک بڑے سے بڑے استاد کا کمال یہ ہے کہ قافیہ اچھی طرح بندھ جائے اور مضمون ردیف کے ساتھ بندھ جائے۔ ایسے شعر جنکی بنست صاحب آتشکدہ آذری بدل نشتر زند کہتا ہے اس قسم کی طرحوں میں نکالنا نہ صرف دشوار بلکہ قریب بمحال ہے۔

رونق کی وہ غزلیں جو سہل اور آسان زمینوں میں لکھی گئی۔ غزلیت کے لحاظ سے بہ نسبت اُن غزلوں کے جو سنگلاخ زمینوں میں لکھی گئی ہیں زیادہ بلند پایہ ہیں۔ ایک رونق پر کیا موقوف ہے وہ تمام شعرا جنھوں نے زمین شعر کو آسمان پر پہنچا دیا دشوار اور دور از کار قوافی سے ہمیشہ احتراز کرتے رہے اور کبھی اس خار دار جھاڑی میں اپنے دامن فکر کو نہیں الجھایا۔

تشبیہ و استعارہ کا استعمال

چونکہ رونق نے اپنے کلام میں تشبیہ و استعارہ کو نہایت کثرت اور عمدگی کے ساتھ استعمال کیا ہے اور اس کے ذریعے سے سخت اور دشوار گزار زمینوں میں فرایض شاعری کو، بہت خوبی سے انجام دیا ہے اسلئے ان کے کلام میں، قلت مضامین کی شکایت نہیں کی جاسکتی۔ شاعر کا بہت بڑا ہتیار جس سے وہ اقلیم شاعری فتح کرسکتا ہے تشبیہ و استعارہ ہے؛ اسکی قوت تخیل اور پرواز فکر کا ثبوت

جس قدر تشبیہات کے استعمال سے مل سکتا ہے ویسا کسی اور چیز سے نہیں مل سکتا، جذبات اور حالات کی تصویر کھینچنے میں جس قدر یہ اوزار کام دیسکتا ویسا کوئی اور شئی نہیں دے سکتی۔ دیوان رونق میں اسکی کثرت سے نظیریں ملیں گی۔ جن قوافی میں خیال ہوتا ہے کہ ردیف کے ساتھ ان کا نباہ نہیں ہو سکتا۔ وہ اُن کو ایک پیش پا افتادہ تشبیہ سے ایسا دلکش و دلآویز بنا دیتے ہیں کہ شعر میں جان پڑ جاتی ہے۔ دیوان میں ایک غزل ہے "زار زار گریہ کنم بے اختیار گریہ کنم" اس زمین میں ظاہر ہے کہ سوار، شرار، خمار کے قوافی ایسے نہیں ہیں کہ ہر شخص شاعرانہ اسلوب کو مدنظر رکھکر، صفائی سے باندھ سکے مگر رونق نے انکو جس طرح نظم کیا ہے وہ قابل ملاحظہ ہے:

گرہ شود چو تباشیر اشک در قطرہ ام — اگر بہجرت آن نیسوار گریہ کنم
بہ عشق شعلۂ رویش زبسکہ لبریزم — بسان شیشۂ آتش شرار گریہ کنم
زشوق نرگس مخمور ساقی گلفام — برنگ شیشۂ خالی خمار گریہ کنم

ایک اور زمین ہے "خار آتشناک بہار آتشناک"، اس میں بعض شعر لکھے ہیں:

دریں چمن نبود لالہ زار آتشناک — سپردہ اند دل داغ دار آتشناک
شب فراق تو اسباب عیش آزاریست — بدیدہ شمع بود مثل خار آتشناک
بغیر سیل سرشکے کہ دارد آتش آہ — ندیدہ ایم دگر آبشار آتشناک

ان ہی زمینوں پر موقوف نہیں ہے، ان کے دیوان میں، ہر جگہ اس صنف کا استعمال نہایت کثرت کے ساتھ، نہایت خوش اسلوبی کے ساتھ، اور نہایت صفائی اور خوبی کے ساتھ کیا گیا ہے۔ بعض لطیف و بلیغ تشبیہیں جو عام شعرا کے ہاں کمتر دیکھنے میں آئی ہیں مثالاً درج ذیل کی جاتی ہیں۔ جن سے شاعر کی قوت مدرکہ کی رسائی اور رامیا جنبش کی بلند پروازی کا ثبوت ملیگا۔ مثلاً

اے دل زار چوں جرس بفغاں — ہمہ آواز کردہ مارا

جرس گھنٹا۔ اسکا وجود کچھ ہے آواز ہے ورنہ محض لوہے کا ٹکڑا جرس نہیں ہو سکتا۔ شاعر کہتا ہے کہ مجھ میں اس دل خانہ خراب کی وجہ سے کچھ باقی نہیں رہا ہے۔ فریاد و فغاں کی وجہ سے صرف آواز ہی آواز آتی ہے۔ اگر آواز نہیں تو سمجھو کہ کچھ بھی نہیں۔ مثال کیلئے جرس کو دیکھو کہ اسکی کائنات جو کچھ ہے محض آواز سے ہے ورنہ وہ لاشئی محض ہے۔ دل کی طرف خطاب کرنے سے ایک خاص لطف پیدا ہو گیا ہے اور جرس کیساتھ تشبیہ نام حاصل ہو گئی ہے اور یہ بھی مترشح ہے کہ فریاد و فغاں جو کچھ نکلتی ہے دل سے نکلی ہے۔

مرحبا حسن بے نقاب ازل — پردہ راز کردہ مارا

ایک نہایت وسیع مضمون کو چند مختصر الفاظ میں سمیٹا گیا ہے اور اس خوبی سے کہ نثر میں اس کی تشریح خالی از دقت نہیں۔ عارفانہ شعر ہے۔ مطلب یہ ہے کہ دنیا و ما فیہا ذات باری کے لئے حاجب ذات بھی ہے اور کاشف ذات بھی۔ یہ عالم گویا ایک پردہ ہے کہ اگر اسکو الٹ دیا جائے تو تجلیات الٰہی کا تماشا نظر آنے لگتا ہے اور اگر نہ اٹھائے تو کچھ نہیں۔ ذات باری درحقیقت مراتب خفا و ظہور سے برتر و بالاتر ہے جو کچھ کشف و حجاب ہے وہ ہمارے اعتبار سے ہے۔ شاعر نے "حسن بے نقاب" اور "پردہ راز" صرف

دو لفظوں سے بیان میں جو کیفیت پیدا کی ہے وہ تشریح توضیح سے ہرگز حاصل نہیں ہو سکتی۔ قریب قریب اسی مضمون کو مرزا غالب نے استفسار و استعجاب کے پیرایہ میں یوں ادا کیا ہے؎ جب وہ جمال دلفروز صورت مہر نیم روز ٭ آپ ہی ہو نظارہ سوز پردہ میں منہ چھپائے کیوں۔ اسی مضمون کو ایک دوسری غزل میں رونق نے اس طرح نظم کیا ہے؎ ہر جاست بے نقاب رخ شاہد ازل ٭ از چشم دل حجاب تو بردار اندکے۔

فراہم کردہ حسرت ہائے یک خلق ... بصحن این چمن گل نام کردند ٭

اس شعر میں مسئلہ تناسخ کی طرف اشارہ ہے۔ خیام وغیرہ نے یہ مضمون پیدا کیا ہے کہ پھول جو زمین سے اگتا ہے وہ درحقیقت کسی مہ جبیں کی شکل ہے جو انقلاب زمانہ کی وجہ سے اس طرح قالب بدلکر نمودار ہوتی ہے۔ مرزا غالب فرماتے ہیں؎ سب کہاں کچھ لالہ و گل میں نمایاں ہو گئیں ٭ خاک میں کیا صورتیں ہونگی کہ پنہاں ہو گئیں۔ لیکن غالبًا کسی شاعر نے انسان کی حسرتوں کے مجموعہ کو پھول نہیں قرار دیا، دراصل پھول کی تشبیہ پھول کی تعریف و توصیف اس سے بہتر نہیں ہو سکتی پھر جس صفائی اور خوبی سے یہ مضمون ادا کیا گیا ہے اس کے لحاظ سے اسکو نوادر افکار میں شمار کرنا مبالغہ نہ ہوگا

شرار آسا دمے فرصت ندارم ... کہ آغاز مرا انجام کردند

انسان کی بے ثباتی اور کم فرصتی کے مضمون کو اس بڑھکر زوردار الفاظ میں اور کیا بیان کیا جا سکتا ہے شرار کے متعلق شعراء نے سیکڑوں ہزاروں مضمون باندھے ہیں اور بڑی بڑی نزاکتیں پیدا کی ہیں۔ لیکن جہاں تک میرا خیال ہے شرار سے آغاز و انجام کے ایک ہونے کا ثبوت کسی شاعر نے نہیں دیا۔ یہ شعر بھی باعتبار ندرت تشبیہ کے نوادر افکار میں سے ہے۔

گریباں را عجب تسخیر دلہاست ... خطوط دست احساں دام کردند

ہاتھ کے خطوط کو دام سے تشبیہ دینی اور پھر ہاتھ کو احسان کی طرف مضاف کرکے یہ ثابت کرنا کہ معمولی اور ہر ہاتھ کے خطوط دام نہیں ہو سکتے اور دست و دام کی مناسبت، ان تمام باتوں نے شعر کو اعلیٰ مراتب بلاغت پر پہنچا دیا ہے۔

یک نفس باشد بقالب عاشق و معشوق را ... درحقیقت نالہ ہائے بلبلاں جان گل ست

شاعر عاشق و معشوق کے یک نفس و دو قالب ہونے کا ثبوت دیتا ہے اور کہتا ہے کہ بلبل کے نالے درحقیقت گل کی جان ہیں کیونکہ پھولوں کا کھلنا اور بلبلوں کا چہچہانا ایک دوسرے کے لازم و ملزوم ہیں بلبل کے نالے اگر کم ہو گئے تو سمجھ لینا چاہیئے کہ موسم بہار ختم ہو گیا۔ چونکہ آواز روح کی طرح غیر مرئی شئی ہے اور جاندار کی زندگی کی ایک علامت اسلئے نالہ کی تشبیہ روح کے ساتھ نہایت موزوں تشبیہ ہے۔ یہاں نفس کا لفظ جو لطف دے رہا ہے وہ ظاہر ہے۔ یہ غزل کی غزل لطیف و بلیغ تشابیہ سے مرصع ہے۔

ذوق اسیری از عدم آوردہ ایم آہ ... از حلقہ ہائے دام بود آشیان ما

در گلشن دنیا طرب و عیش غم افزاست ... خندیدن گل بر سر دار است بہ بینید

گل اگر دیدہ بہ لب ہائے تو وا ایستادہ ... برگ را بر لب خود دست حیا بنہادہ

غبار را نبود ایں قدر رسائی ہا — نگاہ قیس بدنبال محمل افتادست
گفتگوے واعظ بیہودہ مشنو زینہار — عالمے را می فریبد از صدا گوسالہ
ربطے چو گوہرست مرا با گریستن — ہستی من چو اشک بود تا گریستن
زاہد ملاف بیش کہ چوں گنبد فلک — عمامہ ترا ست ہمہ عذر در بغل

اس شعر کے قافیہ و ردیف قابل ملاحظہ ہیں۔ اس زمین میں ایسا شعر نکالنا پختہ مشق شاعر ہی کا کام ہے۔ مکر و عذر میں گنبد فلک کے ساتھ عمامۂ زاہد کی تشبیہ نہایت پرلطف واقع ہوئی ہے۔ ملاف کا لفظ ظاہر کرتا ہے کہ گنبد کی طرح صرف صدا ہی صدا آتی ہے ورنہ حقیقت و واقعیت سے زاہدانِ ریاکار کو کوئی سروکار نہیں۔ بغل سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ زاہد اپنے مکر و عذر کو عمامہ کی تہ میں چھپائے ہوئے ہے۔

ہمچو آئینہ تصویر کہ بر دوش برند — شد زپائے دگراں صورت رفتار مرا

تمثیل تشبیہ و استعارہ کی ایک اور قسم ہے جس کا نام علمائے بلاغت نے تمثیل رکھا ہے۔ متقدمین کے ہاں یہ صنف اگرچہ خال خال نظر آتی ہے، لیکن متاخرین نے اسکو بیحد رواج دیا اور برا سے ایک علحدہ صنف قرار دی۔ اس صنف کا خاتمہ صائب اور غنی کشمیری پر سمجھا جاتا ہے۔ دور اخیر میں جس قدر شعرا گذرے ہیں انھوں نے کم و بیش اس صنف میں کچھ نہ کچھ ضرور کہا ہے۔ دیوان رونق میں اس صنف کے اشعار کثرت سے نظر آئینگے۔ چند منتخب اشعار ذیل میں درج کئے جاتے ہیں جس سے اس طرز میں ان کے زور طبیعت کا اندازہ ہو سکے گا۔

باآتشیں نفس نتواں ہمزباں شدن — گم میکند تجلی خود ماہ در سحر
اکسیر اعظم ست برنگ سپید صبح — نبگذر ز شب زیاد شود ماہ در سحر
رنگ و بوئے دگرے سید ہدت فیض سخا — شہرہ شد گل بچمن بخت چو شستہ ز خویش
گریہ چوں آید ترا از نالہ با پرہیز کن — بیشود ضبط نفس غواص را رہبر در آب
ہر کہ پاس آبرو دارد بدنیا میزد بخلق — غرق گردیدست ازیں باعث نگر گوہر در آب
بود قطع علائق عشرت افزائے دل سالک — ز بی کشتن زمے شد باعث خندیدن مینا
ہست از چارہ گری دوری رحمت مضمر — شمع فیض ست اثر دیدۂ بارانی را
بنی ہمیشہ بیخ زہر دردگان خویش — دل چاک میشود ز جفائے خدنگ شانہ
بیخ می باشد نصیب مردم صاحب کمال — بحتگی با وقف پامالی نماید دانہ را
وضع تعلیم از جفا و آموز دسختی عشق داں — چوں سرش در زیر سنگ آید کند بادام رقص

بادام کا قافیہ اس زمین میں اس سے بہتر کیا باندھا جا سکتا ہے۔ بادام جبھی وا سطے ہے کہ سوکھنے کے بعد اس میں قوت نامیہ باقی نہیں رہتی مطلب یہ ہے کہ خوے تسلیم جفا سے سیکھو اور سختی و تکلیف کو عیش و آرام سمجھو جیسا بادام جبکہ اس کا سر پتھر سے کچلا جاتا ہے تو مارے خوشی کے رقص کرنے لگتا ہے (بادام پھوڑنے کے وقت بوجہ سخت اور صاف ہونے کے اڑتا اور تڑپ کر نکل جاتا ہے۔ اس کو شاعر نے رقص مسرت سے تعبیر کیا ہے)

محاورہ گوئی چونکہ ایک مدت تک اہل زبان کی صحبت اٹھا چکے تھے، اور روزمرہ اور محاورات

کی تحقیق و تفحص میں عمر صرف کر چکے تھے۔ اسلئے جابجا محاورہ کی چاشنی اور خوبی ادا اور لطف زبان کا چٹخارہ کلام کو نہایت بامزہ بنا دیتا ہے اسکی کچھ مثالیں ذیل میں پیش کی جاتی ہیں:

حرفے از دست خویش کن سے قلمے — نیست جمعیت از زبانہا

یارب آں مارسیہ را چہ قدر باشد زہر — دست از زلف نہ بردیم کہ از کار افتاد

مصرع ثانی میں بالکل واقعہ کی تصویر کھینچ دی ہے۔

چو دید ریزش اشکم بدامن گلشن — سحاب را عرق خجلتش در آب گرفت

نگہ ز سینہ دلم بر دو ز غمزہ او — کہ طفل اشک بدنبال او شتاب گرفت

گفتمش از شورشِ مستان دماغم سرد — عشوہ در کار گرد و پنبہ بر مینا گذاشت

زاہد افسردہ را یکرہ تواں بردن ز خویش — آں نگار نازنیں را محفل آرا کردنی ست

دوش سوئے چمنے بیتو گذارم افتاد — خندہ زد گل باد ایکہ شرارم افتاد

سکے باسانی وہم از دست دامان فراق — بعد ازیں دست من و چاک گریبان فراق

یہ طرز بیان ہندی شاعر کے کلام میں کمتر پایا جائیگا۔ اس اسٹائل کو وہی شخص استعمال کر سکتا ہے جس نے اہل زبان کے تتبع و تقلید میں عمر گذاری۔

از پئے کارے اگر بیروں رود از خانہ ہا — میگریزد از درخش برق دوشادوش خلق[سلہ]

وقوع گوئی

چونکہ وہ تشبیہات کو کثرت سے استعمال کرتے ہیں اور صفائی زبان و سادگی بیان کا خاص خیال رکھتے ہیں اسلئے اس کا لازمی نتیجہ ہونا چاہیئے تھا کہ انکی طبیعت وقوع گوئی کی طرف زیادہ مائل ہوتی غزل میں کسی مسلسل مضمون کو، بہت کم شعرا نے نظم کیا ہے مگر رونق کی کئی غزلیں ہیں جس میں شروع سے اخیر تک ایک ہی مضمون نظم کیا گیا ہے۔ دیوان میں ایک غزل ہے "آغوش خلق، دوش خلق" اس تمام غزل میں، باد و باران کی کثرت اور لوگوں کی پریشانی کا فوٹو اتارا ہے۔

نواب غلام غوث خان اعظم کی تسمیہ خوانی کی تقریب میں جو قصیدہ کہا ہے اس میں شروع سے لیکر اخیر تک حالات جشن کا نقشہ کھینچا ہے، متعلقین کو جوڑوں کا تقسیم ہونا، تباسوں کا بٹنا، رنگبازی کی کیفیت، آتش بازی کا منظر، روشنی کی جگمگاہٹ، دعوتوں کی دھوم دھام، عطر، پان اور پھولوں کی بہتات اور پھر طوائف کے ناچ رنگ کا دلفریب دلربا نظارہ نہایت فصاحت و فصاحت کے ساتھ قصیدہ میں بیان کیا ہے اور کہیں شاعری کے سررشتہ کو ہاتھ سے نہیں جانے دیا۔ انکی غزلیات میں بھی ایسے بہت سے شعر نظر آتے ہیں جن میں معاملہ اور واقعہ کو نظم کیا گیا ہے بعض ممتاز اشعار ذیل میں درج کئے جاتے ہیں۔

شبکہ گر دید مہیا انجمن شیشہ و جام — انتظارت چہ قدر خوں بدل ما می کرد

بہ محفل تو گرم رہ نہ شد ملالے نیست — ز دور بینم و باشم بر آستان محفوظ

دیگراں را کام فردا و ادا امروز از کرم — عرض امروز من بیتاب بر فردا گذاشت

سب زمانہ چو ز آہستہ گیسم — گویدم دور کہ کارے دارم

معاملہ کا شعر ہے اور جس اسلوب میں باندھا گیا ہے وہ سوائے اہل زبان یا مشاق و ماہر باندان کو دوسرا کا حصہ نہیں معشوق جا رہا ہے عاشق بنجود و بیتاب ہوکر اس کا راستہ روکتا ہے وہ جھڑک کر کہتا ہے ہٹ دور ہو مجھے اس وقت کام ہے۔ اس مختصر بحر میں اور اس قافیہ و ردیف میں یہ مضمون اس خوبی سے ادا کیا گیا ہے کہ اسکے کے لئے دوسرا اسلوب خیال میں نہیں آسکتا۔

تغزل

غزل کی بنیاد اس پر پڑی ہے کہ اس میں وہ حالات و واقعات بیان کئے جائیں جو راہ عشق میں عشاق کو پیش آیا کرتے ہیں، یہ حالات جس قدر واقعیت پر مبنی ہونگے اسی قدر دلوں پر اثر کرینگے جذبات کا اظہار نہایت مشکل کام ہے، عربی کی مشہور مثل ہے کہ "الکیفیات لا تبان" انسان پر بہت سی کیفیتیں گزرتی ہیں مگر وہ ان کو نہیں بیان کر سکتا، بہت سے جذبات طاری ہوتے ہیں مگر وہ ان کا اظہار نہیں کر سکتا بلکہ ان کو سمجھ بھی نہیں سکتا۔ ان حالات و کیفیات کو وہی شخص بیان کر سکتا ہے جو رموز عشق سے واقف ہو اور اسکے ساتھ ہی اسکی قوت بیانیہ اعلی درجہ کی ہو، اس کا تخیل نہایت بلند پرواز اور اسکی قوت نظریہ نہایت تیز ہو ایسا ہی شاعر سچا غزل گو ہو سکتا ہے اور ایسے ہی شاعر کا کلام دلوں پر اثر کر سکتا ہے۔ سعدی، خسرو، حافظ اور نظیری جو غزل کے استاد مانے گئے ہیں ان کے کلام کے دلوں پہ اثر کرنے کی بڑی وجہ یہی ہے۔ میر، جرات، غالب اور داغ پر اردو کی دنیا لوٹ ہے اسکا اصلی سبب یہی ہے۔ درحقیقت ان لوگوں نے عاشقانہ جذبات و حالات و خیالات کی تصویر جس خوبی سے کھینچی ہے اور راہ محبت میں جو معاملات پیش آتے ہیں انکو جس عمدگی سے بیان کیا ہے اس کے لحاظ سے ان کے کلام کی جس قدر بھی قدر کی جائے کم ہے۔ میرا تو خیال یہ ہے کہ مذکورہ بالا قابلیت جس شخص میں نہ ہو اسکو غزل نہیں کہنی چاہیے۔ جاری شاعری کے زوال کی وجہ اگر دریافت کی جائے تو غالباً یہی نکلے گی کہ اس میں غیر واقعیت اور تصنع اور بناوٹ کو دخل دیدیا گیا اور ایسی باتیں کہی جانے لگیں جنکی کوئی اصلیت نہیں تھی اسکا لازمی نتیجہ یہ ہوا کہ کلام میں اثر نہیں رہا۔ کلام اگرچہ ہر قسم کے محسنات سے مرصع بنا دیا گیا اور صنایع لفظی و معنوی میں بیحد ترقی ہوئی مگر شاعری جسد بے روح ہو گئی۔

غرض یہ کہ غزل کی صحیح تعریف یہی ہے کہ وہ عاشقانہ جذبات و حالات کی تصویر ہو لیکن بعد میں اس تعریف میں وسعت دیدی گئی اور غزل میں اور ار مضامین بھی نظم کئے جانے لگے تاہم تغزل کا اطلاق کسی ایسے شعر پر نہیں کیا جا سکتا جو ترجمان محبت نہ ہو۔

اس میں شک نہیں کہ رونق کے دیوان میں تغزل کم ہے جسکی وجہ جیسا کہ ہم اوپر بالتفصیل بیان کر چکے ہیں یہی ہے کہ اکثر و بیشتر غزلیات مشاعروں کی طرحی مصرعوں پر لکھی گئی ہیں جنکی زمین بوجہ سنگلاخ ہونے کے اس قابل نہیں ہے کہ اس میں کوئی عاشقانہ مضمون سرسبز و بار آور ہو سکے۔ لیکن کم و بیش جس قدر اشعار بھی عاشقانہ رنگ کے دیوان رونق میں پائے جاتے ہیں وہ اس امر کو ثابت کرنے کے لئے کافی ہیں کہ شاعر کی طبیعت بلحاظ تغزل کے پست واقع نہیں ہوئی ہے۔ بعض شعر بطور تمثیل ذیل میں درج کئے جاتے ہیں۔

در فن عشق تعطیل نمی باید زیست ۔۔۔ دلبرے گر نبود دل شکنے در کار است

اسی مضمون کے قریب قریب مرزا غالب کا یہ شعر ہے ؎ قطع کیجئے نہ تعلق ہم سے ؛ کچھ نہیں ہے تو عداوت ہی سہی ؛ یار سے چھیڑ چلی جائے اسد ؛ گر نہیں وصل تو حسرت ہی سہی۔ اس شعر میں اس طرف

اشارہ ہے کہ جس بات کی چٹیک انسان کے دل میں ہو، اس کے حاصل کرنے کے لئے وہ کبھی نچلا نہیں بیٹھ سکتا۔ نفع ہو یا ضرر اس کے لئے وہ ہاتھ پیر مارے بغیر نہیں رہ سکتا۔ ہر وقت اس سے لو لگا رکھتا ہے کبھی بیکار نہیں رہتا۔

الفت صیادی آرد مرا در دام او　　　بارہا ہر چند از اغماض بند از پا گذاشت

اس شعر میں محبت و الفت کی وہ کیفیت بیان کی گئی ہے جس میں مصیبت و تکلیف آرام و راحت سے بدل جاتی ہے اور محبوب کے جور و جفا میں بھی مزا ملنے لگتا ہے۔ ایسی حالت میں اگر محبوب ظلم و ستم سے ہاتھ کھینچ لیتا ہے تو اچھا نہیں معلوم ہوتا، اور اگر وہ دام عشق سے رہا کرنا چاہتا ہے تو رہا نہیں ہوا جاتا۔ اگرچہ یہ انوکھا مضمون نہیں ہے۔ مختلف شعرا نے اس مضمون کو مختلف پیرایوں سے باندھا ہے۔ چنانچہ مرزا غالب فرماتے ہیں:۔ واحسرتا کہ یار نے کھینچا ستم سے ہاتھ ۔ ہم کو حریص لذت آزار دیکھ کر۔ اور نظیری کہتا ہے ؎ نالہ از بہر رہائی نکند مرغ اسیر ۔ خورد افسوس زمانے کہ گرفتار نبود۔ لیکن رونق نے بھی اس مضمون میں کچھ کم داد بلاغت نہیں دی ہے

اگرچہ یہ تینوں شعر طرز بیان کے لحاظ سے بہت کچھ اختلاف رکھتے ہیں لیکن انہیں معناً قدر مشترک بھی ہے لہذا اس وجہ موازنہ ہو سکتا ہے۔ تینوں میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ معشوق کے جور و جفا سے لذت و راحت ملتی ہے لیکن غالب نے اس پر یہ اضافہ کیا ہے کہ معشوق نے مجھکو آزار سے لطف اٹھاتا ہوا اور اس پر حریص دیکھ کر ستم سے ہاتھ کھینچ لیا۔ یہ اضافہ نظیری اور رونق کے پاس نہیں ہے۔ لیکن اگر محض "لذت آزار" کے مضمون کو دیکھا جائے تو نظیری اور رونق نے اس عنوان کو غالب سے بڑھکر بلیغ پیرایہ میں بیان کیا ہے۔

رونق اور نظیری کے شعر معناً بہت قریب واقع ہوئے ہیں صرف تخیل اور طرز بیان کا اختلاف ہے۔ نظیری کے شعر میں شاعرانہ تخیل کا رنگ زیادہ ہے یعنی مرغ کے نالہ کرنے سے شاعر یہ استنباط کرتا ہے کہ وہ رہائی کے لئے نالہ نہیں کرتا بلکہ اس زمانہ پر افسوس کر رہا ہے جب کہ وہ گرفتار نہیں تھا۔ اگرچہ نظیری نے ایک عاشقانہ کیفیت کو تمثیل کے پیرایہ میں ظاہر کیا ہے لیکن یہ تمثیل واقعیت کے بہ نسبت زیادہ تر تخیل پر مبنی ہے کیونکہ اس کے نالہ کو اس زمانہ کے افسوس پر محمول کرنا جبکہ وہ گرفتار نہیں تھا محض شاعرانہ تخیل ہے جسکا کوئی وجود نہیں۔

برخلاف اس کے رونق کی تمثیل واقعہ کے بالکل مطابق ہے۔ جانور کو جب صیاد کے ساتھ الفت ہو جاتی ہے اور وہ ہل جاتا ہے تو باوجود رہا کرنے کے نہیں جاتا۔ اغماض کا لفظ ظاہر کر رہا ہے کہ صیاد نے محض آزمائش کے لئے پاؤں کے بند کھولے تھے کہ دیکھئے آیا یہ جاتا بھی ہے یا نہیں۔ درحقیقت اس کا دل بھی نہیں چاہتا تھا کہ بالکلیہ رہا کر دے۔ بایں ہمہ نظیری کے شعر میں ایک خاص وجدانی کیفیت ہے جس کا ادراک ذوق سلیم پر موقوف ہے لیکن رونق کا شعر بھی اپنی طرز میں لاجواب ہے۔ اسی مضمون میں ان کے دو ایک شعر اور بھی ہیں مثلاً صیاد دوش گفت کہ آزادی کنم ۔ از سر ابپائے او زدہ فریادی کنم ۔ از لذت دام و گرفتاری دشمن گرفتہ جانب دست کشد الفت صیاد مرا۔

اگر دوست غصہ اور خفگی کی باتیں کرتا ہے مگر در اصل اسکی خفگی ایک مخفی محبت و التفات کو ظاہر کرتی ہے اور بعض وقت اس کے برعکس وہ بالکل سادگی اور صلح کے ساتھ پیش آتا ہے لیکن درحقیقت اسکی صلح اسکی جنگ اور اسکی سادگی اس کے عتاب کو آشکار کرتی ہے۔ اس مضمون کو رونق نے مختلف طرح باندھا ہے

ایک جگہ لکھتے ہیں ؎

دریں پردۂ قہر تو بود لطف نہاں ، می شناسم بنظر خندۂ پنہاں ترا

یعنے میں ترے غصہ کو جس کے پردہ میں مہربانی چھپی ہوئی ہے اس طرح پہچانتا ہوں کہ گویا میں تری نگاہوں سے تری پوشیدہ ہنسی خوشی کو دیکھ رہا ہوں۔ ایک جگہ لکھتے ہیں ؎

نگارمن زکہ آموخت دل ستانی را ، کہ پر عتاب کند خندۂ نہانی را

اس شعر کا مضمون شعر ماسبق کے بالکل برعکس ہے اس میں یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ معشوق کی نہاں ہنسی جو عتاب پر مبنی ہو ایک ادائے دلفریب رکھتی ہے۔ اسی مضمون کے چند شعر اور بھی ہیں جو معناً و لفظاً نہایت لطیف ہیں اسلئے ذیل میں درج کئے جاتے ہیں۔

بہ پیش طفل شوخی عرض حالم کردنی دارد ___ کہ برلب خندہ را دشنام سازد ناز پنہانش

مشو در پاس رونق این قدر بیدل زخشم او ___ کہ مضمون تسلی ہاست پنہاں در ہر ادایش

اگرچہ محو عتاب ست باز چشمانش ___ پیام صلح نمید نگاہ پنہانش

بہ درش شد مقام از ضعفم ___ دائما باد ناتوانیہا

عشاق اپنے اُن نقصانات کو جو کہ موصل الی المطلوب ہوں گو وہ کیسے ہی مضرت رساں کیوں نہ ہوں بڑی خوشی سے برداشت کرتے ہیں اور ان کو اپنے لئے نہایت مفید سمجھتے ہیں۔ اس مضمون کو مرزا داغ نے بھی بڑے بانکپن سے ادا کیا ہے ؎ نظر آتا ہوں نہ اُس بزم سے اُٹھ سکتا ہوں ، ناتوانی سے بڑے کام لئے جاتے ہیں ۔ مگر رونق کا شعر زیادہ نیچرل ہے۔ کیونکہ ناتوانی گو کیسی ہی ہو نظر نہ آنے کو لازم نہیں برخلاف اس کے ضعف کی وجہ سے انسان چل نہیں سکتا۔ جہاں ہوتا ہے وہیں بیٹھ جاتا ہے۔ لیکن یہ کہا جا سکتا ہے کہ داغ کے شعر میں ناتوانی سے وہ ناتوانی مراد ہے جو لاغری کو لازم ہے۔ جیسا کہ ظفر کہتے ہیں ؎ ناتوانی نے بچا لی جان میری ہجر میں ، کونے کونے ڈھونڈتی پھرتی قضا تھی میں نہ تھا۔ یا ایک فارسی شاعر نے کہا ہے ؎ تنم از ضعف چناں شد کہ اجل حسب دنیا نت ، نا دہر چند نشاں داد کہ در پیرہن ست ، وفیہ مافیہ

دست در گردن خود میکنم از جوشش شوق ___ چہ قدر ہاست مگر حسرت ہمدوشیہا

یعنی مجھے ہمدوشی کی حسرت اس قدر ہے کہ اپنے ہاتھ کو مارے شوق و آرزو کے اپنی گردن میں ڈالتا ہوں اور اس طرح ایک گونہ اپنے دل کو تسلی دے لیتا ہوں۔ ہمدوشی کی حسرت اس سے بہتر پیرایہ میں نہیں بیان کی جا سکتی۔ مضمون شعر بالکل واقعیت پر مبنی ہے شدت شوق و آرزو کی حالت میں اکثر انسان سے ایسا ہوتا ہے۔ غالباً یہ مضمون سعدی کے اس شعر سے ماخوذ ہوگا ؎ گر نبود دلبر ہمخوابہ پیش ، دست توان کرد در آغوش خویش۔ ذیل میں انکی غزلیات سے چند منتخب اشعار ہر قسم کے مضامین کے درج کئے جاتے ہیں جس سے ان کی غزل کا انداز معلوم ہوگا۔

عاشقانہ

کو حوصلہ و طاقت گفتار و دماغے ___ گر بہ سر لطف و کرم است و شکن آئی

تا نظر افگندہ سوے کسے ___ خوشش نمی آید مرا دیدے کسے

مدتے شد بہ ہجر خورسندم ___ بعد ازیں ست شادمانی ہا

رخ تو در نظر آئینہ دار می آید ___ بسادگی چہ قدر از تو کار می آید

همچو بیمار عزیزے که بدستش دارند — اے لفتے طرفه مرا با دل زارم افتاد
ناله آهسته کنم رحم مرا می آید — که درین سینه زارم دل بیمارے هست

حال دستار چه پرسی بفراق دلدار — سر ما همچو گهر بر تن ما بارے هست

هر چند سراپاش پر از نقش و نگار ست — داغے ست مرا منتخب از زیور طاوس

با گریه عاشق چه کند گریه زاهد — این پیش کسان گریه کند او به بیابان

اے دل خسته یار می آید — صبر و عیش و قرار می آید
خون شدن یا بخاک غلطیدن — دیگر از دل چه کار می آید

برنج ست آنکه دلدارے ندارد — ز غنچه گل نے بدل خارے ندارد
حباب آسا سبکبارے ست خرم — بفرق خویش دستارے ندارد

هجوم مردم این شهر دارم دل تنگ — بکوه و دشت روم دلکشاده می گریم
بشوق دیدن آن ماه رو چو آئینه — سرے بزانوے حسرت نهاده می گریم
بدرد هجر تو چون سیل آنچنان زارم — که سر بدامن صحرا نهاده می گریم

از تیغ آبدارش امید داشتے بود — پیکان تیرش افگنده آخر بکار عقده
هر کس بقدر حالش از دوست شادکام ست — آمد فقط بکارم زان گلعذار عقده

رفته در ویرانه در انتظارش میکشم — عرض حال دل مرا با دوست تنها کردنی ست

خوب تر از راستی گردد وضع یار کج — چون گذارد بر سر خود طرهٔ دستار کج
عشق را لازم بود پیوسته همرنگی حسن — میکند بلبل ز وضع شاخ گل منقار کج

خواستم هر چند تا در پرده دارم سر خویش — از صفاے دل عیان شد راز پنهانم چو صبح

بیا به محفل رندان بدست آر قدح — با انتظار تو گردید چشم زار قدح
کجا علاج فراقش به مے کشی آید — به هجر دوست فزاید مرا خمار قدح

بعد ازین در حسن هر رنگے که دل میدهم — الفت این نوخطان آئینه ام را زنگ بود

نگو مبیت که مینائے می شراب انداز — بنائے صبر و خرد را دگر بآب انداز
بآب دیدهٔ عاشق براری دارد — نگاه گرم یکے بر سر سحاب انداز
بغیر دیدهٔ رونق فزائے حسن تو نیست — به بزم بوالهوسان گر روی نقاب انداز

باندک التفاتش خسته جانان می رهند از غم — چرا بر خود نه بیند از نگاہے چشم بیمارش
اگر در انتظارش کور گردد دیدهٔ عاشق — ظهور شمه دان از تغافلهاے بسیارش

نخواهد سر خوش او ساغری گر جام جم باشد — بیک جو غم نگیرد راحت کونین مخمورش
بفرق خویش بندد منعم و صد نازها دارد — نم آب خجالت می شمارم در مکنونش
هر آنکس چون حنا هم پنجهٔ دلبر شود رونق — با آئین حمیت لازم آمد ریزش خونش

نمیدانم چه میگوید بشوخی چشم جادویش — بزانوے ادب در پیش او خم گشته ابرویش

صبا بار دگر رہبر شدی گر تا سر کویش — دل آشفتہ خود را نمایم نذر گیسویش
ندانم تا چہ باشد مدعائے التفات او — کہ وا دارد با مسلمان میل یار بے زلف ہندویش

اس شعر کے موزوں کرتے وقت رونق کی جو مراد ہوگی وہ تو ظاہر ہے۔ لیکن ہندوستان کی پولیٹکل انقلاب نے اس شعر کو مسلمانوں کے موجودہ خیالات کے مطابق کر دیا ہے۔ جو لوگ مسلمانوں کے ساتھ ہندوؤں کے میل ملاپ کو شک کی نظروں سے دیکھتے ہیں اور اتحاد و اتفاق کی طرف انکی پیش قدمی کو خود غرضی پر محمول کرتے ہیں یہ شعر ان کے خیالات کی ہو بہو تصویر ہے۔

بزم بے تو صہبائے خوشگوار چہ حظ — اگر نبود دل زنو بہار چہ حظ

اس زمین میں غالب کا مطلع بھی نہایت پر لطف اور بلند واقع ہوا ہے ؎

مرا کہ بادہ ندارم ز روزگار چہ حظ — ترا کہ ہست و نیا شامی از بہار چہ حظ
کجا بوصل میسر شود چنیں راحت — شب فراق تو بردم در انتظار چہ حظ
تو اول از ہمہ جام شراب را درکش — بزم بادہ چو ساقی ست ہوشیار چہ حظ

اسی مضمون کے قریب ان کا ایک اور شعر ہے ؎ سبو بدوش و صراحی بکف پیالہ بدست ÷ ہزار شکر کہ ساقی بہ ننگ و عار نماند۔

یاد ایں از دم سرد دل پروانہ ہا — خوش بہارے در نظر دارد گل بیچار شمع
شوق کامل را نباشد ہیچ حائل درمیان — مانع پروانہ کے گردد نگر دیوار شمع
در شب ہجرت چہ گوئیم ماجرائے درد را — سطرے از حال دل ارم بود طومار شمع
رجبیں راستان احوال باطن روشن ست — داغ دل گردد عیاں از دیدن رخسار شمع
نیست قدرے خوبرویاں را بغیر از عاشقاں — از پر پروانہ باشد گرمی بازار شمع

می آید آں آشوب جاں از بہر قتل عاشقاں — در دست تیغ خونفشاں بگرفتہ داماں در بغل

مستانہ خرامی چو بصحن چمن آئی — پیمانہ شکن گر بسر انجمن آئی
کے دست دہد اینکہ در آغوش من آئی — جان در تنم آید اگر اے سیم تن آئی
رونق بخیالات ہمہ شب دیدہ نبندد — اے کاش بخوابش بہ رخ بے سخن آئی

شوخی مکن نسیم بزلف نگار من — خمیدہ نہ قدم بہ شب تار اندکے

گر ہمین ست بدنیا ثمر باغ وفا — بچہ امید کسے مہر و فا می سازد

تصوف و اخلاق فارسی شاعری میں غزل کا ایک بہت بڑا حصہ تصوف یا اخلاق کے لئے مخصوص ہے کوئی فارسی گو شاعر ایسا نہیں نکلیگا جس نے غزل کو محض عاشقانہ مضامین سے مختص کیا ہو۔ چونکہ رونق نے صائب کی طرز میں بہت شعر کہے ہیں اسلئے ان کے کلام میں اخلاقی شاعری کا عنصر معتدبہ موجود ہے۔ صائب کی طرز کے اشعار اوپر نقل کئے جا چکے ہیں یہاں ان منتخب اشعار کو نقل کیا جاتا ہے جو اس طرز سے الگ ہیں۔

در باغ ایں جہاں بچہ دل خوش کند کسے — گل ہیچ و غنچہ ہیچ خزاں و بہار ہیچ

رنگ عیشے بدہر نیست کہ طفل ... دست حسرت گزیدہ می آید
از رخ غیر دیدہ می پوشد ... ہر کہ روئے تو دیدہ می آید
ہفت کشور بکف آورد و ندیدہ شرمے ... کاش اسکندر رومی بدلے جامی کرد
یک شکر لب نیست در باغ جہاں بیدرد سر ... یا رمحو آئینہ طوطی گرفتار قفس
اخلاق — تلخ گردد بمذاقت جو قناعت گیری ... آنچہ اکنوں بنگاہ تو رسد نوش بود
تعمو... — بار دام حب گویم نمی تواں گفتن ... گراں چو کوہ بود گرچہ ہست یک پل قرض

اس زمین میں اور بھی بہت سے لوگوں نے غزلیں کہی ہیں مگر یہ قافیہ ان ہی کے حصہ میں آیا ہے، اور ردیف کے ساتھ ایسا دست و گریبان ہے کہ دوسرے مضمون کی گنجائش نہیں ہے۔ پل مخفف پول بمعنی فلوس

جلوہ گاہ آن پری درکعبہ و بتخانہ نیست ... بر رخ مطلوب آمد صد حجاب از سنگہا

قافیہ اور ردیف کی سنگلاخی کو ملاحظہ فرمایا جائے اور پھر مضمون کی برجستگی اور طرز ادا پر غور کیا جائے۔ اکثر شعراء نے لکھا ہے کہ کعبہ و بتخانہ درحقیقت دونوں ایک ہی چیز ہیں صرف ظاہری اختلاف ہے چنانچہ حافظ فرماتے ہیں ؎ چراغ بتکدہ و شمع خانقاہ یکی ست ٭ اگرچہ دیدہ دو آمد ولے نگاہ یکی ست ٭ عرفی کہتا ہے ؎ ہرگز مگو کہ کعبہ ز بتخانہ خوشتر ست ٭ ہر جا کہ ہست جلوۂ جانانہ خوشتر ست ٭ ایک اور شاعر کہتا ہے ؎ مقصود من از کعبہ و بتخانہ توئی ٭ ورنہ من ازیں ہر دو مقام آزادم۔ مگر رونق نے ان سب سے الگ راہ اختیار کی ہے وہ فرماتے ہیں کہ کعبہ و بتخانہ کا نام ہی نہ لو۔ اس قسم کے تعین و تخصیص سے شاہد مطلوب کے چہرہ پر حجاب پڑ جاتا ہے۔ کیونکہ اسکی جلوہ گری کو نہ کعبہ سے علاقہ ہے نہ بتخانہ سے ایسی مشکل زمینوں میں ایسے شعر بہت کم نکلتے ہیں۔

مشکل این ست کہ ہمجنس شود دشمن من ... گرز دل دور کنم صورت خارائی را
چو دل تہی ز غیر شود جلوہ گاہ اوست ... مملو شد از محیط ازاں خانۂ حباب
نمی گنجید نہ ہم ہستیم در جلوہ گاہ او ... دو عالم فرد باطل بود شب جائیکہ من بودم
نگردد حسن جاناں جلوہ گر در عرصۂ امکان ... تماشا گاہ او دل بود شب جائیکہ من بودم

کلام میں سوز و گداز نہ ہونے کی وجہ

چونکہ رونق کا یہ کلام جیسا کہ ہم اوپر بیان کر آئے ہیں۔ نوجوانی کا ہے جو بالکل بےفکری کا زمانہ تھا اور تاج الامراء ماجد کی صحبت میں بڑے عیش و آرام سے گزرتی تھی اس لئے اس میں سوز و گداز نظر نہیں آتا۔ دراصل شاعری جذبات کے اظہار کا نام ہے؛ جو لوگ فطری شاعر ہوتے ہیں جب تک کوئی کیفیت ان کے دل پر نہیں گزرتی؛ جب تک ان کا دل کسی چیز سے متاثر نہیں ہوتا؛ وہ اس کو بیان بھی نہیں کر سکتے۔ جو شاعر جس حالت میں رہے ہیں؛ ان کے کلام میں اسکی جھلک ضرور نظر آتی ہے ایک ایسا شخص جسکی عمر عیش و آرام میں گزری ہو، رنج و غم کی تصویر اگر کھینچنی چاہے تو یقیناً اسکو ناکامی ہوگی۔ کیونکہ طبیعت میں جب آمد ہی نہ ہو تو آورد سے کیا خاک لطف آسکتا ہے۔ شاید رونق کے پایان عمر کا کلام ایسا نہ ہو۔ سیلاب غم اور گرداب غم انکی جود و تمنویاں

ہیں۔ انکی نسبت واصف نے لکھا ہے کہ نہایت پرسوز لکھی ہیں۔ چونکہ یہ دونوں مثنویاں دلی دوستوں کے مرثیہ میں لکھی گئی ہیں اس لئے ان میں سوز و گداز ہو تو کوئی تعجب نہیں۔ زمانہ کی ناقدری۔ فلک کی شکایت، فراق و ہجر، دیوانگی، بیقراری اور گریہ و زاری کے مضامیں، دیوان میں اکثر جگہ پائے جاتے ہیں، مگر ان میں زار نالی اور درد و اندوہ کی وہ حقیقی کیفیت اور رنج و الم کی وہ اصلی تصویر نہیں ہے جس کو دیکھکر انسان دل پکڑ کر رہ جائے اور سننے والا کلیجا تھام کر بیٹھ جائے۔ لیکن اس سے شاعر کے کلام میں کسی قسم کا نقص عاید نہیں ہو سکتا۔ حافظ کی شاعری میں کس کو کلام ہے مگر ان کے دیوان میں بمشکل ایک آدہ شعر بھی ایسا نکلے گا جس سے سوز و گداز کی بو آتی ہو، فروق کو آج کون استاد نہیں مانتا مگر انکا کلام درد و غم کے اثر سے بالکل خالی ہے۔

ہندی الفاظ کا استعمال

رونق کے کلام میں کئی ایسے الفاظ پائے جاتے ہیں جو ہندی ہیں اور بعض ایسے مضامین بھی انھوں نے نظم کئے ہیں جو ہندوستان سے خصوصیت رکھتے ہیں۔ یہ امر عام طور پر ہمارے یہاں کے شعرا کے بالکل برخلاف ہے۔ خال خال ایسے ہندی شعرا نظر آئیں گے جنھوں نے اپنے ملکی خصوصیات، رسم و رواج اور تمدن و معاشرت کو مد نظر رکھکر شعر کہا ہو ورنہ عام طور پر ہمارے شعرا رہتے تو ہیں ہندوستان میں مگر کہتے ہیں ایران و توران کی۔ بمناسبت مقام ہم رونق کے ان اشعار کو ذیل میں قلمبند کرتے ہیں۔

بدست توکل زخم آزدست رونق را ــــ بگردن تو چو بازے حمائل افتادست

ہزار خلعت زریں و جامہ دیبا ــــ بصبح و شام بدوشش کہار بر پاشد

میانہ کی سواری کی طرف تلمیح ؎ چو نیست اہل مروّل دریں عالم کو جنازہ ساں بجہہ صورت بدوش می آید

یعنی اہل دول مردہ دل ہیں اسلئے میانہ میں جنازہ کیطرح کندھوں پر لدے ہوئے آتے ہیں۔

ز سلک گوہر اشک روانے ــــ براستے زیور او مایہ دارم

ہندوستان کی ہولی اور تقاریب نشاط کی رنگ افشانی کو اس شعر میں یوں نظم کرتے ہیں۔

رنگ نشاط یختہ آمد نگارمن ــــ دارم بدست خود ز برائے نثار رنگ

ہندوستان میں رسم ہے کہ جلوہ کے وقت تفاول نیک کے طور پر، دولہن کا منھ دکھانے سے پیشتر دولہے کو قرآن کھولکر دکھاتے ہیں۔ اس سے یہ شاعرانہ مضمون پیدا کرتے ہیں ؎

در امید جلوۂ رویش زسیل گریہ ام ــــ مصحف لخت دل از بہر شگون آید بروں

فطرت پرستی معلوم ہوتا ہے کہ رونق کی طبیعت فطرتاً نیچر پرست واقع ہوئی تھی۔ یہی وجہ تھی کہ انھوں نے اس زمانہ میں جبکہ خیال بندی کا چرچا اور خیال پرستوں کا دور دورہ تھا۔ انکی طرز اختیار نہیں کی اور صفائی زبان اور طرز ادا کی بے تکلفی اور سادگی کو پسند کیا اس میں شک نہیں کہ وہ زمانہ کے اثر سے نہیں بچ سکے اور ان کے کلام میں بھی وہ عامتہ الورود نقایص نظر آتے ہیں جن سے کسی ایشیائی شاعر کا کلام خالی نہیں۔ لیکن مبالغہ، غلو، اغراق، تخیل محض، اور لفظی طلسم جس کو معنی سے کوئی سرکار نہیں اور جو اس زمانہ میں مایۂ نازش سمجھا جاتا تھا۔ ان کے یہاں بہت کم ہے۔

چونکہ مدراس ایک زمانہ تک ان کا وطن رہا تھا، اور وہاں کے دریا کا دلچسپ و دلفریب منظر پیش نظر تھا۔ اس لئے دیوان میں بہت سے ایسے شعر نظر آتے ہیں جن کے مضامین کا اختراع دریا سے کیا گیا ہے، کئی ایسی تشبیہیں استعمال کی گئی ہیں جنکا ماخذ دریا ہے، کئی ایسے شعر ملتے ہیں جن سے دریا کی خصوصیات اور نیچرل کیفیات کا پتہ لگتا ہے۔ یہ ایک بین ثبوت ہے ان کے وقوع گو، فطرت پرست، اور نیچرل شاعر ہونے کا، اگر وہ اس زمانہ میں ہوتے تو اُن کی شاعری بعینہ مناظر قدرت، اور حقائق دوقعا کی تصویر، اور ان کا دیوان سراسر نیچرل مضامین کا مخزن ہوتا۔ ہم اس قسم کے چند اشعار ذیل میں التقاط کرکے لکھتے ہیں۔

(۱) دریا کے شور و غوغا کو وہ اپنی غزل کے ایک شعر میں اس طرح ظاہر کرتے ہیں۔

فلک از شور دریا پنبہ در گوش خود انداز د بهنگامیکہ آرد سیل آب دیدہ در جوشش

(۲) دریا کی موجوں سے ایک شاعرانہ مضمون کا استنباط۔

وسعت دلہائے روشن دیدشاید کرخند میزند از موجہا بر خویشتن خنجر محیط

(۳) شاعرانہ تخیل۔

بسیر بحر چو رفت آن نگار زریں پوش زعکس او شدہ ہمرنگ زعفران گوہر

(۴) ساحل دریا سے ایک لطیف تخیل کا اختراع۔

کہ رفت بہر تماشائے آب دریا را زشوق دیدن او سر بساحل افتادہ ست

(۵) مبالغہ مستی چشم معشوق۔

گر گاہ مست او بر ساحل دریا فتد پر زمے گردد صدف ہا جملہ چوں ساغر در آب

(۶) معشوق کے لباس کا عکس دریا میں۔

زعفرانی پوش من گر جانب دریا رود میشود یکسر حبابش چوں گل اصفر در آب

(۷) بغیر حسینوں کے دریا کی سیر کا لطف آ نہیں سکتا۔

سیر دریا نتواں کرد کہ بے ماہ رخے موجہ آب رواں کام نہنگست اینجا

اخیر خصوصیت | اب ہم دیوان رونق کی اخیر خصوصیت بیان کرتے ہیں جس سے شاید اردو دواوین خالی ہوں۔ اکثر شعرا کے کلام میں دیکھا گیا ہے کہ ان کو ایک خاص مضمون اور ایک خاص عنوان پسند آجاتا ہے جس کو ہیر پھیر کر وہ اپنے کلام میں مختلف اسالیب اور مختلف پیرایوں سے باندھتے ہیں۔ چنانچہ ذوق میں رند نے "بلبل" کے متعلق اسی قسم کے اکثر شعر کہے ہیں۔ اسی طرح رونق نے بھی اپنے دیوان میں نقش مہر کے متعلق بہت سے شعر کہے ہیں اور اس سے نئی نئی تشبیہیں اور نئے نئے مضامین اختراع کئے ہیں جو اور دواوین میں بہت کم نظر آتے ہیں چونکہ دیوان رونق کی یہ ایک ممتاز خصوصیت ہے اسلئے مناسب ہے کہ ان تمام اشعار کو ایک جگہ جمع کرکے لکھدیا جائے اور حل طلب اشعار کی تشریح بھی کردی جائے تاکہ ناظرین کو اندازہ کرنے کا موقعہ ملے کہ انھوں نے اس لفظ سے کیسی کیسی تشبیہیں اختراع کی ہیں اور کیا کیا مضامین پیدا کئے ہیں۔

باین حیات تنک مایہ گرم جولان ست ‏ ‏ زہستی و عدمش بر شرار خندہ زنم
فرصت یک دم ایں قدر جولان ‏ ‏ خندہ ام بر شرار می آید

ان دونوں شعروں کا مضمون واحد ہے مگر ہر ایک میں اس خوبی سے بندھا ہے کہ خیال ہوتا ہے کہ اس سے بہتر پیرایہ نہیں ہوسکتا۔

شرار آسا دمی فرصت ندارم ‏ ‏ کہ آغاز مرا انجام کردند

اس شعر کے متعلق اوپر لکھا جا چکا ہے یہ شعر منتخب اور برگزیدہ اشعار میں سے ہے۔

ز بے ثباتی ایں بزم مے دلم سوزد ‏ ‏ نم شراب نخواہم بود شرار غرض

شعر کا مطلب یہ ہے کہ اس بزم (یعنی دنیا) کی بے ثباتی پر میرا دل سیجتا ہے۔ پس جب شراب کی ایک بوند چاہتا ہوں تو سمجھو کہ میری غرض شرار سے ہے۔ کیونکہ قطرۂ شراب اسی قدر بے ثبات اور ناپائدار ہے جیسا کہ شرار۔ شراب کا مزاج چونکہ آتشیں ہے اور بوند کی شکل شرار کی سی شکل ہے، اس لئے اس کی بوند کو شرار سے تشبیہ دی ہے۔

چہ قسمت ست مرا ازل نگر رونق ‏ ‏ بجائے قطرہ مے ریزدم شرار قدح

یہ شعر معناً اوپر کے شعر سے بہت قریب واقع ہوا ہے۔

برباد شوی گر بدر آئی از وطن خویش ‏ ‏ اندیشۂ پرواز بلائے بشرار است

صائب کی طرز کا تمثیلیہ شعر ہے مطلب یہ ہے کہ سفر میں خطرہ ہے؛ اس لئے اپنے وطن سے قدم باہر نہ نکالو، ورنہ برباد ہو جاؤ گے کیونکہ پرواز کا خیال شرار کے لئے مصیبت ہے۔ جب تک وہ پتھر میں (جو بمنزلہ اس کے وطن کی ہے) رہتا ہے، موجود رہتا ہے۔ جہاں نکلا کہ معدوم ہوا۔ یہ تمثیل جہاں تک ہم خیال کرتے ہیں بالکل نئی ہے شرار سے کسی شاعر نے یہ تمثیل استخراج نہیں کی۔

زسرد مہری ارباب روزگار مپرس ‏ ‏ درون سنگ زتاثیر آن شرار نماند
کاش پیدا می شدے از بہر دل جائے دگر ‏ ‏ عرصۂ ہستی بجولان شرارم تنگ بود

یعنی دل کی جولانیوں کے لئے یہ دنیا کافی نہیں ہے کسی اور دنیا کی ضرورت ہے "شرارم" سے مراد دل ہے۔ دل کو شرار سے اس لئے تشبیہ دی ہے کہ شرار میں بھی دل کی طرح حرکت ہے؛ بلکہ اس کا وجود اسی وقت تک ہے جب تک کہ حرکت ہے؛ جہاں حرکت ختم ہوئی وہ فنا ہو گیا؛ یہی حال دل کا ہے جب تک وہ حرکت کرتا رہتا ہے زندگی ہے؛ جب اس کی حرکت موقوف ہوئی تو بس موت ہے۔ غالباً یہ تشبیہ بھی نئی ہے۔

بکام اہل گیتی کجا دے فرصت ‏ ‏ متاع عیش بدوش شرار می آید

یعنی دنیا میں کسی شخص کو عیش دلشادی کی فرصت نہیں ہے کیونکہ سامان نشاط شرار کے کندھوں پر آتا ہے جس کا لازمی نتیجہ یہ ہے کہ وہ شرار کی طرح بہت جلد فنا ہو جائے یا یہ کہ دوش شرار پر ہونے کی وجہ سے جل کر خاک سیاہ بن جائے۔

آمد بقصد عربدہ دیگر بجنگ سنگ ‏ ‏ ہمچوں شرر گرفتہ در آغوش تنگ

آغوشِ تنگ اس لئے کہا ہے کہ پتھر میں چنگاری چھپی ہوئی رہتی ہے۔ جس سے شاعر نے یہ تخیل پیدا کی کہ پتھر نے اس کو اپنی بغل میں داب لیا۔ یہ تشبیہ بھی انوکھی ہے

بہ عشق شعلۂ رخسار زبسکہ لبریزم — بساں شیشۂ آتش شرار گریہ کنم

یعنی معشوق کے شعلۂ رخسار کے عشق میں، چونکہ میں لبریز ہوں اس لئے شیشۂ آتشی کی طرح میرا رونا شرر کے سوا کچھ نہیں۔ مطلب یہ کہ بجائے آنسو کے میری آنکھوں سے چنگاریاں جھڑتی ہیں۔ اس شعر میں صرف ندرت تشبیہ ہے کوئی معنوی لطف نہیں۔ اسی کے قریب قریب انکا ایک اور شعر ہے رونق بدل فتاد چہ آتش کہ دیدم — از اشکباری فرہ کار شرر کنم

عروآتش مزاج من بسیر گلستاں ہرگز — چمن مجمر شود گل شعلہ میگردد شرر شبنم

نہایت لطیف اور نادر تشبیہ پیدا کی ہے۔

از بستگی کارم جانے رسید بہ درم — سرمایۂ حیاتم شد چوں شرار عقدہ

نہایت بلیغ شعر کہا ہے جسکی تشریح و توضیح کماحقہ الفاظ میں نہیں ہوسکتی۔ مطلب یہ ہے کہ میری کاموں میں جو گتھیاں پڑی ہوئی ہیں اس کو سمجھو کہ جان پڑی ہوئی ہے۔ میری زندگی کا سرمایہ شرار کیطرح عقدہ میں بند ہے۔ پس اگر اس سرمایہ کی گرہ کھل جائیگی تو موت یقینی ہے۔ شرار کی زندگی اسی وقت تک ہی جبتک وہ پتھر میں بند پڑا ہے، جہاں وہ پتھر سے باہر نکلا معدوم ہوا۔ شاعر کہتا ہے کہ میری زندگی کے تمام سرمایہ اور تمام کاموں کی یہی حالت ہے، جب تک وہ گتھے ہوئے اور بند پڑے ہیں۔ اسی وقت تک موجود ہیں جہاں ان کے الجھاؤ نکل گئے اور ان کے بند کھل گئے تو سمجھ لو کہ وہ نابود ہیں۔ فلسفیانہ اور متصوفانہ شعر ہے حاصل یہ ہے کہ جو باتیں بظاہر ہم کو مضر معلوم ہوتی ہیں درحقیقت انُ ہی میں ہمارا نفع چھپا ہوا ہے، جن امور سے ہم کو فائدہ کی توقع ہے در اصل وہی ہمارے لئے سنگ راہ ہیں موجودہ حالت جو کچھ اور جیسی کچھ ہو اس سے بہتر حالت نہیں ہوسکتی۔

قصائد رونق نے قصیدے بہت کہے تھے مگر وہ یا تو فراہم نہیں کئے گئے یا تلف ہوگئے اگرچہ اس دیوان میں ان کے صرف دو ہی قصیدہ ہیں مگر انکا زور طبیعت جس قدر قصیدوں کے دیکھنے سے ظاہر ہوتا ہے ویسا غزلیات سے نہیں ہوتا۔ انکی غزلیات میں اکثر ایسے شعر نظر آتے ہیں جن میں قصیدہ کی شان پائی جاتی ہے؛ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ انکی طبیعت کو بہ نسبت غزل کے قصیدہ سے زیادہ لگاؤ تھا اور قصیدہ گوئی کی مشق بہت رہی تھی۔

گلزار اعظم میں "درگوہر" کے قصیدہ سے چند اشعار نقل کرکے مصنف نے لکھا ہے؛ "بایدوانست دیگر شطر جان ادہم دریں زمین باوے سابقہ نمودہ اند" اور اسکے بعد انکے معاصرین خلوص، نامی اور مشتاق کے جستہ جستہ اشعار نقل کئے ہیں اگرچہ قصیدہ کی نسبت ان کے بیان اس قدر کم ہے کہ اس کے متعلق زیادہ لکھنے اور بحث کرنے کی ضرورت نہیں تھی۔ لیکن اگر ہم مصنف مذکور کے ریمارک پر نظر ڈالنے کی غرض سے اس قصیدہ کے بعض اشعار کا، ان کے معاصرین کے اشعار کے ساتھ موازنہ کریں تو بیجا نہ

موقع ومحل کے لحاظ سے نامناسب نہ ہوگا۔ ذیل میں ہم انھی اشعار کا موازنہ کریں گے جو مضمون اور قوافی کے لحاظ سے ملتے جلتے ہیں، اور ہر ایک شعر کی تشریح کرنے کے بعد ہم اپنی رائے بھی اس کے متعلق ظاہر کرینگے جس کا فیصلہ منصف مزاج اور نقاد سخن حضرات کے ہاتھ ہے۔

رونق	خلوص
چو آب وتاب سرشکم بہ بیند از نمش	زحسرت دُر دنداں آن گراں گوہر
بخویشتن تیغ کشند از صدف نہاں گوہر	شدہ بچشم صدف اشک ساں نہاں گوہر

نہاں کا قافیہ نامی اور شایق نے نہیں باندھا۔ رونق کے شعر کا مطلب یہ ہے کہ میرے آنسو کی آب و تاب دیکھکر موتی اس قدر شرمندہ ہوا کہ صدف سے جو مثل تیغ کے ہے اپنے آپ کو ہلاک کرنا چاہتا ہے۔ خلوص کہتے ہیں معشوق کے دُر دنداں کی حسرت سے موتی چشم صدف میں چھپ گیا۔ حسرت پوشیدہ ہونے کو لازم نہیں ہے۔

رونق	خلوص
ز سینہ صافی جاناں صدف کند خبرے	چو آب بستہ شود در صدف گہر گردد
ز تنگی دہنش می دہد نشاں گوہر	ز فیض جاری غزلت دہد نشاں گوہر

رونق کے شعر کا مطلب یہ ہے کہ معشوق کے سینہ کی صفائی کی خبر صدف دیتی ہے اور اسکے تنگ دہانی کا نشان گوہر سے ملتا ہے۔ تشبیہ نہایت عمدہ اور نیچرل ہے۔ خلوص کہتے ہیں جب پانی صدف میں جم جاتا ہے تو موتی بن جاتا ہے اور موتی غزلت کے فیض جاری کا نشان دیتا ہے۔ پہلے تو رونق کے شعر میں "کند خبرے" اور "می دہد نشاں" کے تقابل سے جو حسن پیدا ہوا وہ خلوص کے یہاں نہیں دوسرے یہ کہ جاری کا لفظ محض بیکار ہے کیونکہ فیض کے جاری رہنے کا کوئی ثبوت شعر میں نہیں ہے بہر حال یہ قافیہ رونق کے یہاں زیادہ اچھا بندھا ہے۔ غزلت گزینی کے مضمون کو رونق نے بھی نظم کیا ہے جو قابل ملاحظہ ہے ؎ مدام اہل ہنر گوشہ گیر می باشند ، کہ منزوی بصارت جا دواں گوہر

رونق	خلوص
زحب مال دل اغنیا شود ناسور	ز آہ رخنہ بدل کن وصال گر خواہی
ز رخنہ بہر ہمیں یافتہ زیاں گوہر	کہ یافت جا بگلوئے بتاں از آں گوہر

ان دونوں شعروں میں رخنہ کا مضمون باندھا گیا ہے۔ رونق کہتے ہیں کہ مال و دولت کی محبت سے مالداروں کے دلوں میں ناسور پڑ جاتا ہے، گوہر بھی اسی لئے بندھا گیا ہے۔ جب موتی بازار میں بکتا ہے تو استعمال میں لانے کیلئے اس میں سوراخ کیا جاتا ہے، اس خصوصیت سے شاعر نے یہ تخیل پیدا کی کہ روپیہ سے گوہر کو چونکہ محبت تھی اس لئے اسکو یہ نقصان برداشت کرنا پڑا، ورنہ وہ کیوں بندھا جاتا۔ یہی حال مالداروں کا ہے کہ ان کے دلوں میں حب مال کی وجہ سے ناسور پڑ گئے ہیں۔ خلوص کہتے ہیں کہ اگر تجھکو شاہد مطلوب کے وصال کی خواہش ہے تو آہ سے دل میں رخنہ کر کیونکہ اسی وجہ سے موتی نے حسینوں کے گلے کے پاس جگہ پیدا کی ہے۔ شایق نے اس مضمون کو یوں باندھا ہے۔

سفر تے ز سفر ہست گوشہ گیراں را؛ کہ رخنۂ ز سفر یافتہ بجای گوہر۔ اس شعر میں سفر کی تکرار بری معلوم ہوتی ہے اسکے سوا سفر کو رخنہ سے اس قدر مناسبت نہیں ہے جس قدر کہ محبت یا آہ کو کیونکہ ان کو شعرا نے رخنہ کن مانا ہے برخلاف سفر کے۔

رونق | **نامی**

ز مہر مال بود زندگی زر داراں — بہ پیش صاف دلاں قدر ناتواں باشد
بقالب صدف آمد برنگ جان گوہر — کہ جائے رشتہ کند در میان جان گہر

رونق کے شعر کا مطلب یہ ہے کہ مالداروں کی زندگی زر و دولت کی محبت سے ہے اسی وجہ سے موتی صدف میں مثل جان کے رہتا ہے۔ صدف کی قالب سے اور موتی کی جان سے نہایت عمدہ تشبیہ ہے۔ اور پھر کنایتہً اس سے یہ نتیجہ نکالنا کہ صدف کو موتی سے جان کے برابر محبت ہے نہایت بلیغ پیرایہ بیان ہے؛ اور پھر پہلے مصرع میں زندگی کا لفظ بلاغت کی جان ہے۔

نامی کے شعر کا مطلب یہ ہے کہ جو ناتوان ہوتے ہیں ان کو صاف دل اپنی جان کے اندر جگہ دیتے ہیں جیسا کہ موتی کہ اس نے تاگے کو اپنی جان کے اندر جگہ دی ہے۔ اس شعر کا مضمون غیر واقعی ہے محض شاعرانہ ادعا ہے جسکی کوئی اصلیت نہیں۔ رونق کے شعر کو لفظاً و معناً ہر طرح ترجیح حاصل ہے کما لا یخفی علی من لہ ذوق صحیح۔

رونق | **نامی**

بہم رسانده زبانے ز رشتہ می سازد — ز جوہر پسران روشن ست نام پدر
ستائش در دندان او بیاں گوہر — نمودہ مغز ابر کرم بیاں گوہر

رونق کہتے ہیں موتیوں میں جو تاگا پرو دیا گیا ہے وہ گویا معشوق کے دانتوں کی تعریف کرنے کیلئے ایک زبان پیدا کی گئی ہے جو اس کے چھوٹے چھوٹے موتی سے دانتوں کی چمک دمک ہمواری وغیرہ وغیرہ صفات کی تعریف کر رہی ہے۔ یہ شعر حسن تخییل کا نہایت اعلیٰ نمونہ ہے۔ ایسے لاجواب اور لطیف اور نازک تشابیہ شعرا کو بہت کم سوجھتے ہیں اس بیت کو بیت الغزل اور بیت القصیدہ کہا جائے تو بیجا نہ ہوگا۔ گو بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ تاگے کو زبان سے تشبیہ دی ہے اور اس سے یہ معنی پیدا کئے ہیں کہ وہ زبانِ حال سے در دنداں کے وصف میں رطب اللسان ہے لیکن اسکے ساتھ ہی اس میں یہ خوبی بھی ہے کہ موتی جب تاگے میں پروئے جاتے ہیں اسی وقت وہ دانتوں کے مشابہ ہوتے ہیں؛ دوسرے یہ کہ گو دندانِ معشوق کی تعریف خود شاعر کر رہا ہے مگر اس کی اسناد گوہر کی طرف کرتا ہے۔ جس سے مدح میں زور پیدا ہو گیا ہے کیونکہ ہر شخص اپنے محبوب کی تعریف میں مبالغہ اور غلو سے کام لیتا ہے اگر غیر شخص کریگا تو اسکی تعریف جانب داری اور غلط بیانی کے شائبہ سے مبرا ہوگی۔ چونکہ یہ مضمون کنایتہ میں ادا ہوا ہے اس لئے نہایت پر لطف ہو گیا ہے جسکا ادراک ذوق سلیم پر موقوف ہے۔ اسی موقعہ کیلئے کہا گیا ہے الکنایۃ ابلغ من التصریح۔

نامی کا شعر اس قافیہ میں اسی قدر پست اور کم وزن ہے جس قدر کہ رونق کا شعر اونچا و اعلے

پہلے تو نامی کے شعر میں الفاظ کی مناسبت اور موزونیت نہیں ہے۔ پہلے مصرع میں "پسران"
کا لفظ استعمال کیا ہے حالانکہ گوہر جس سے تشبیہ دی گئی ہے واحد ہے۔ دوسرے یہ کہ مصرع اولی
میں کہتا ہے بیٹوں سے باپ کا نام روشن ہے اور مصرع ثانی میں کہتا ہے موتی نے ابر کرم کے معنے
بیان کئے۔ ظاہر ہے کہ دوسرے مصرع میں نام کے روشن کرنے کے لئے کس قدر پھیکے اور کم وزن
الفاظ استعمال کئے گئے ہیں۔ جو بالکل اصول بلاغت کے خلاف ہے۔ اسی مضمون کو رونق نے
بھی نظم کیا ہے ؎ بخاندان خلف نامور دہد شرفے ۔ فزود منزلت و قدر بحر و کان گوہر ۔ مضمون
ایک ہی ہے مگر رونق نے کس قدر ترقی دی ہے! آبا و اجداد کے نام کو روشن رکھنا اس قدر
قابل تعریف نہیں جس قدر کہ ان کے لئے باعث فخر و نازش ہونا اور انکی قدر و منزلت کو اپنی ناموری
سے بڑھا دینا۔

نامی	رونق
ہمیشہ اہل ہنر غربت آشنا باشند	گدا ز صحبت منعم ہمیشہ دارد عار
جدا فتادہ ازیں رو ز بحر و کاں گوہر	جدا فتادہ ز دریا برائے آں گوہر

اگرچہ دونوں کے ہاں قوافی مختلف ہیں لیکن دوسرے مصرع کا مضمون اور الفاظ لڑ گئے ہیں۔ دونوں
کے شعر میں یہ بتایا گیا ہے کہ موتی اپنی اصلی جگہ سے نکل آیا مگر وجوہ مختلف ہیں! رونق کہتے ہیں کہ فقیر
کو مالداروں کی صحبت سے نفرت ہوتی ہے اور عار آتی ہے اس لئے گوہر نے دریا سے علیحدگی اختیار
کی۔ نامی کہتے ہیں اہل ہنر غربت آشنا ہوتے ہیں اسی لئے موتی دریا کو چھوڑ کر باہر آگیا۔ نامی کا شعر
واقع کے زیادہ مطابق ہے کیونکہ موتی کا گدا ہونا ایک غیر معروف بات ہے! برخلاف اہل ہنر ہونے
کہ وہ ظاہر و واضح ہے۔

نامی	رونق
چہ دید لولو لالا بتار گیسویش	ز آبرو نہ پسندم بجز نیش ننگ سوال
ز مہرہ مار نہاں کرد در دہاں گوہر	بغور بیں کہ بقفل بر دہاں گوہر

رونق کہتے ہیں کہ پاس آبرو کے خیال سے میں سوال نہیں کرنا چاہتا۔ دیکھو اسی وجہ سے
گوہر نے اپنے منہ پر قفل لگایا ہے۔ چونکہ دریا سے نکالنے کے بعد موتی میں سوراخ نہیں ہوتا، اس سے
شاعر نے "قفل بر دہاں" کی تخئیل پیدا کی۔ آبرو کا لفظ گوہر کے لحاظ سے بہت مناسب واقع ہوا
ہے اور قفل میں اور گوہر میں ایک گونہ مشابہت بھی ہے۔ نامی کہتے ہیں روشن موتیوں کو جب
سانپ نے معشوق کے گیسوؤں میں پرویا ہوا دیکھا تو مہرہ کو بجائے گوہر کے اپنے منہ میں رکھ لیا۔ اس
میں شک نہیں کہ نامی نے بہت عمدہ تشبیہ پیدا کی ہے۔ لیکن نجاکی و نفاقی کی صفت سانپ میں نہیں ہے،
اس لئے اگر یوں کہا جاتا کہ معشوق کے بالوں میں موتی ایسا معلوم ہوتا ہے جیسا سانپ کے منہ میں مہرہ تو
زیادہ مناسب ہوتا؛ یا یوں کہا جائے بساں لولو لالا بتار گیسویش ۔ ز مہرہ مار نہاں کرد در دہاں گوہر

شایق نے بھی اس قافیہ کو باندھا ہے مضمون مختلف ہے ؎ بدیدا عرق روئی یار ز حیرت ہا زرشتہ بگذاشت
در دہاں گوہر۔ نہایت عمدہ تشبیہ ہے لیکن پہلا مصرع ٹھیک نہیں ہے۔ مطلب شعر کا یہ ہے کہ یار کے
چہرے کے پسینہ کو جب موتی نے دیکھا تو مارے حیرت کے تاگے کی انگلی منھ میں رکھ لی لیکن جبتک لفظ
عرق کے قبل یہ الفاظ محذوف نہ مانے جائیں وہ آب و تاب قطرہ ہای عرق ،، اس وقت تک کچھ معلوم
نہیں ہوتا کہ پسینہ کو دیکھنے سے حیرت کیوں ہوئی چونکہ عرق کا دیکھنا حیرت کو لازم نہیں ہی اسلئے
وجہ حیرت کا حذف کر دینا صحیح نہیں ہو سکتا۔ اگر یوں کہا جائے تو ایک حد تک درست ہوگا ؎
چو آب و تاب رخ یار دید از حیرت الخ

رونق

بمال عاریتی نازش تو گر چیست
کہ در خزانۂ او ہست میہماں گوہر

نامی

درون دیدۂ ما اشک چوں بود قائم
کہ چند روز بدریاست میہماں گوہر

قافیہ ایک او مطلب مختلف ہیں لیکن دیکھنا یہ ہے کہ ایک ہی قافیہ کو دونوں نے کیسا باندھا ہے
رونق کے شعر کا مطلب یہ ہے کہ عاریتی مال پر مالدار کیوں اس قدر فخر و ناز کرتا ہے کیونکہ اسکے
خزانہ میں موتی چند دن کا مہمان ہے ، آج ہے کل نہیں۔ نامی کہتے ہیں ، موتی دریا میں صرف چند
ہی دن مہمان رہتا ہے مگر ہماری آنکھوں میں آنسو قائم و دائم کیوں ہیں۔ گوہر کا دریا سے نکالا جانا
اس قدر ضروری اور لازمی نہیں ہے جس قدر کہ مالدار کی وفات کے بعد اسکے خزانہ کا دوسروں کے ہاتھ
پڑ جانا۔ کیونکہ موتی کا نکالا جانا اور نہ نکالا جانا دونوں امکان کا حکم رکھتے ہیں۔ مگر کوئی مالدار شخص ایسا
نہیں جس کو موت نہ آتی ہو اور اسکی دولت دوسروں کے ہاتھ نہ جاتی ہو۔ درون دیدہ کی ترکیب کھٹکتی ہے
در دیدہ کہنا کافی ہے اور اشک پر قایم کا اطلاق بھی غرابت سے خالی نہیں۔

رونق

کمال یافتہ ناچیز از سیہ بختاں
کہ کرد ظلمت شب فلس ماہیاں گوہر

شایق

ز دست عبد درم کے شود گہر ریزی
ندیدہ ایم کہ بخشند ماہیاں گوہر

رونق کے شعر کا مطلب یہ ہے کہ ناچیز سیہ بختوں سے کمال حاصل کرتا ہے کیونکہ ظلمت
شب نے فلس ماہی کو گوہر بنایا کہ وہ رات کے وقت موتیوں کی طرح چمکتے ہیں۔ شائق کہتے ہیں
بندہ درم سے گہر ریزی نہیں ہو سکتی کیونکہ ہم نے کبھی نہیں دیکھا کہ مچھلیوں نے کسی کو گوہر بخشا ہو "عبد
درم" کی ترکیب ثقیل معلوم ہوتی ہے۔ عبد درم کا گوہر ریز ہونا کوئی ضروری امر نہیں ہے۔ کیونکہ
ان دونوں لفظوں میں بظاہر کوئی تلازم نہیں پایا جاتا۔ اگرچہ اسکی یہ تاویل کی جاسکتی ہے کہ
عبد درم سے شاعر کی مراد اُس مالدار سے ہے جو کنجوس بھی ہو ، لیکن الفاظ کی ظاہری مناسبت
جس پر شعر کے حسن و قبح کا بہت کچھ دار و مدار ہے بہر صورت مفقود ہے۔
اگر ہماری رائے صحیح ہے تو اس موازنہ سے ظاہر ہوا ہوگا کہ اکثر قافیے مضمون کے لحاظ سے
رونق کے ہاں اگر زیادہ چست اور گرم نہیں بندھے ہیں تو کم از کم برابر تو ضرور ہیں۔ بندش کی

پختگی اور زبان کی صفائی کے لحاظ سے تو انکو اپنے ہمعصروں پر ہر طرح ترجیح حاصل ہے۔ اس کے بعد انکا یہ دعوی اپنے ہمعصروں کے مقابلہ میں نہیں کچھ بیجا نہیں معلوم ہوتا جو انھوں نے اپنی ایک غزل کے مقطع میں کیا ہے۔

بہ پختگی کلامت نمی رسد فکرے   معاصران تو رونق خیال خام کنند

بہر حال اس بحث سے ہمارے اُن خیالات کی تصدیق ضرور ہوتی ہے جو ہم نے شعرائے مدراس کے ذوق سخن کی نسبت، اس مضمون کے شروع میں ظاہر کئے ہیں؛ اور اس سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ سخنوران مدراس کا وہ حلقہ جو غلام غوث خاں کے زیر اثر تھا مذاق شاعری کے اعتبار سے رونق اور واصف کا مخالف تھا، چونکہ یہ دونوں سوائے اہل زبان کے کسی کو خاطر میں نہیں لاتے تھے اور انکا مخالف گروہ بیدل اور ناصر علی پر جان دیتا تھا اس لئے یہ ان کو اور وہ اُن کو کم جانتے تھے اور اسی لئے گلزار اعظم میں، رونق و واصف کے حالات پڑھنے سے متعصبانہ تنقیص کی جھلک نظر آتی ہے۔ اخیر میں ہم رونق کے اُن اشعار کو جو بعد میں دستیاب ہوئے اور دیوان میں درج نہیں کئے جاسکے درج ذیل کرتے ہوئے اپنے مضمون کو ختم کرتے ہیں۔

اشعار منقول از محمد غوث خاں صاحب

طاؤس و ہزار و زغن و فاختہ نالد   لیکن نہ بدرد دل بیساختہ نالد
آہم چو ہوائی بہ ہوا تاختہ نالد   دل باختہ باید کہ بدل باختہ نالد

منقول از بیاض قدیم

تہ کشی از کفم اے یار کنار دامن   کہ سر شتت رگ جانم شدہ تار دامن
نوبت افتاد بچاک جگر و سینہ و دل   شد تمام از کف ایں غمزہ کار دامن

سوز دل در سینہ ام آتش زند   چوں نشینم آہ پہلوئے کسے

جدید اضافہ

مضمون مسطور الصدر کاتب کو بغرض تحریر دیا گیا تھا کہ حالات رونق کے متعلق مزید معلومات حاصل ہوئے۔ جنکا اخیر میں منضم کر دینا نہایت ضروری ہے۔ مولوی مہدی واصف نے اردو میں اپنی سوانح عمری لکھی تھی جس میں اپنے آبار و اجداد کے حالات بھی درج کئے تھے۔ یہ کتاب طغیانی رود موسی میں مولوی عبد الواجد صاحب کے پاس سے ضائع ہو گئی۔ حال میں اسکا

ایک ورق دستیاب ہوا جس کے ایک صفحہ پر رونق کا ناتمام حال لکھا ہوا تھا چونکہ اس سے بعض نئی باتیں معلوم ہوئی ہیں اس لئے مناسب ہے کہ یہ کل صفحہ ذیل میں بجنسہ نقل کر دیا جائے :-

"...... جناب (رونق) اپنی فراغت کے عالم میں سخی اور فقیر دوست رہتے تھے۔ آخر سن پیری میں چند سال حیدرآباد میں مقیم رہے سلطان حسین خاں مرحوم کی سرکار میں انکا علاقہ تھا جب حیدرآباد سے بر داشتہ خاطر ہو کر بحکم حب الوطن من الایمان پھر وطن مالوف کو آئے اور نواب محمد غوث خان مرحوم کے شعرا میں داخل ہوئے ان ایام میں جناب رونق پہ ضعف پیری غالب تھا نواب مرحوم (دلنے) کمال اشتیاق سے نوکر رکھا۔ آخر چار سال کے بعد بیماری دق سے لاغر اور بیمار ہو کر ۱۹ شعبان ۱۲۶۱ ہجری میں رحلت فرمائی اور اپنے باپ کے پہلو میں کریم اللہ شاہ کے مقبرہ میں مدفون ہوئے۔ عابد اور ذاکر اور اہل اللہ سے تھا (تھے) اور انھوں نے سید برہان الدین قادری سے بیعت بھی کی تھی۔ رمضان شریف میں تمام روزے رکھتے تھے۔ اور تلاوت قرآن شریف کی کیا کرتے تھے اور والدین کو اس کا اجر بخشتے تھے۔ حق تعالی ان کو بخشے اور ان کے حسنات کو زیادہ کرے آمین آمین جب اُن کا کچھ احوال لکھا گیا تو کچھ ان کے اشعار کا بھی لکھنا مناسب ہوا ...."


مولوی صاحب موصوف کے پاس سے رونق کے انتقال کی ایک تاریخ بھی دستیاب ہوئی ہے جو خان عالم خاں فاروق کی طبعزاد ہے وہ بھی ذیل میں درج کی جاتی ہے۔

دم نزع پیکس عارف الدین رونق ۔۔۔ افوض امری الی اللہ بولے

یہی ہے گی تاریخ بخشائش اُن کی ۔۔۔ مجیب اُن کی اس عرض کے تئیں قبولے

آیۂ شریف کے اعداد میں مجیب کے اعداد کا تدخلہ کرنے سے تاریخ نکل آتی ہے یعنی ۱۲۶۱ ہجری اس سن میں اور اوپر جو سن تحریر کیا گیا ہے اُس میں اختلاف ہے۔ لیکن قرائن سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ۱۲۶۱ھ ہی صحیح ہے کیونکہ گلزار اعظم میں لکھا ہے ۱۲۵۶ھ میں وہ اخیر دفعہ مدراس گئے تھے۔ اور اوپر کی عبارت میں لکھا ہے کہ نواب غلام غوث خان کے پاس ملازم ہونے کے چار سال بعد وہ فوت ہوئے اس حساب سے ۱۲۶۰ھ ہی کا سن رحلت ہونا چاہئے۔ لیکن ممکن ہے کہ چوتھے سال کے اخیر اور پانچویں سال کے آغاز میں ان کا انتقال ہوا ہو۔ اس توجیہ کے بعد فاروق کی تاریخ میں کوئی شبہ باقی نہیں رہتا۔

عارف الدین خان۔ رونق کی زبان پر رحلت کے وقت آیۂ شریفہ "افوض امری الی اللہ ان اللہ بصیر بالعباد" جاری تھی۔ تاریخ مذکورۂ بالا میں اسی واقعہ کی طرف اشارہ ہے۔





بسم اللہ الرحمن الرحیم

شد از ثناے خالقِ کون و مکانِ ما — مانندِ شمع پرتوِ محفل زبانِ ما

افتاد بسکہ شورِ محبت بجانِ ما — یک نالہ وار ہمچو جرس شد دہانِ ما

بیتابی است آئینہ پرداز حسنِ او — از نالہ بر فروخت رخ دلستانِ ما

افتادہ ایم در رہش از جوشِ اشتیاق — از نقشِ پای ما بگیری نشانِ ما

در راہِ عشق ضبطِ نفس رہبری کند — باشد ز داغِ دل جرسِ کاروانِ ما

شبنم بروی سبزہ نباشد درین چمن — مہتاب اشک ریخت ز دردِ فغانِ ما

ذوقِ اسیری از عدم آوردہ ایم آہ — از حلقہ ہای دام بود آشیانِ ما

در آه و ناله بین اگرت خواهش گلست — صد جلوهٔ بهار بود در خزان ما

گر بی ادب شویم باغماض درگذر — در بیخودیست نرگس مستت ضمان ما

اینهم غنیمتست ازین دور چون صدف — پوشیده است نفع دگر در زیان ما

قدر کمال نیست درین دهر ای دریغ
رونق یتیم شد هنر اندر زمان ما

عکس چشمش دیدهٔ آهو کند پیمانه را — شوخی او لغزش مستان دهد میخانه را

گر گذر افتد ز راه ناز آن جانانه را — پرتو مهتاب پا انداز گردد خانه را

هوش را در بارگاه بیخودیها راه نیست — سنگ طفلان دورباش عقل شد دیوانه را

بیخودیها عینک حسن رخ دلدار شد — پردهٔ چشمست هشیاری دل فرزانه را

گنج میباشد نصیب مردم صاحب کمال — پختگیها وقف پامالی نماید دانه را

هست در صحرا دل مجنون ما — آباد این ویرانه را

افسری رونق اگر پا در طریق عشق کن
حرز بازوی توکل همت مردانه را

بفردوس برین آری اگر آن سرو قامت را — ز خلخال تو بر پا می کند شور قیامت را

برفتن آوری از ناز گر آن سرو قامت را — غبار دامن رنگین کنی شور قیامت را

کجا در پیشگاهش ناتوانان را رسائیهاست
شفیعِ خویشتن سازم مگر اشک ندامت را

کشیدم جامِ می در محفلِ مستان خدا حافظ
شکستِ توبه دارد در بغل ننگِ ملامت را

مدان زاهد مرا محروم از لطفِ گنه سوزش
که آوردم نیاز بارگاهِ او ندامت را

برآ از قیدِ تن تا اخترِ بختت شود روشن
که دلقِ کهنه گر سوزی برد با خویش شامت را

مپرس انجامِ کارم جمله تقصیرم گنه کارم
سیه شد نامه ام رونق شناسم این علامت را

بود از دوریِ ساقی بخون غلطیدنِ مینا
زموجِ می بود صد خار در پیراهنِ مینا

بزمِ ما نه زنار است این در گردنِ مینا
به پیشِ قدِ ساقی حلقه میگردد تنِ مینا

بود قطعِ علایق عشرت افزای دلِ سالک
تهی گشتن زمی شد باعثِ خندیدنِ مینا

نمیگیرد زکس منت پیِ زینت صفا مشرب
ز رنگِ می سجافِ سرخ شد بر دامنِ مینا

دو چیز از عالمِ اسباب عشرت انتخابم شد
زمی پر گشتن جام و تهی گردیدنِ مینا

صدای شورِ مستان پیشِ ساقی بر نمی خیزد
که میریزد نگاهش سرمه را بر شیونِ مینا

غنیمت میتوان دانست سامانِ مسرت را
مرا روشن شد این معنی ز قلقل کردنِ مینا

مرا با ساقیِ نازک دلی افتاد کار امشب
که داند پنبه را بارِ گران بر گردنِ مینا

دلِ پر شورم آخر آورد در حیرتی او را
که مستی میفزاید عاقبت از شیونِ مینا

دلِ پرخون بود آئینه وارِ گلستانِ رونق
ز رنگ می شگفت آخر بهارِ گلشن مینا

بسکه از جورِ فلک بارشِ سنگست اینجا
ناله و آه و فغان نغمهٔ چنگست اینجا
حالِ سرگشته دلان از تو چه پرسی زاہد
سایهٔ سرو چو مارسے بنظر می آید
سیرِ دریا نتوان کرد که بی ماه رخے
شبِ ہجران ترا کیفیتے می باشد
بیخودی وادیِ خونخوار بود عاشق را
خامشی کشورِ جمعیتِ دلها باشد

سیلِ خونِ دلِ ما گردشِ رنگست اینجا
میزبانیِ غمت را چه درنگست اینجا
عینِ آسایشِ ما گردشِ رنگست اینجا
هر رگِ گل به تنم زخمِ خدنگست اینجا
موجهٔ آبِ روان کامِ نهنگست اینجا
ناله و آه صدای دف و چنگست اینجا
هر قدم راه پر از کامِ نهنگست اینجا
که زواکردنِ لب سازِ سخن تنگست اینجا

بر درم جلوه غزالی دلم از کف رونق
شوخیِ برقِ روان رفتن لنگست اینجا

صفای شعرِ من قدر رهی ہر نازک خیالی را
اگر آرم بتحریر اندسے کے آشفته حالی را
شبِ ہجرِ تو ای مهروی من از آتش آہے

نماید فکرم از شرم آبِ دیوانِ زلالی را
ز آبِ گریه ساقی پر کند مینای خالی را
برنگِ رشتهٔ شمعی کنم تا رہنمالی را

چه پرسی از جفای گردش چرخ ستم پرور
که آخر میکند با خاک یکسان طبع عالی را

ز جوش غم ندارم رغبت سیر گلستانی
ز آب گریه کم دانم شراب پرتگالی را

به پیش آن تغافل پیشه گر طرح فغان سازم
زبان نوحه پیدا میشود تصویر قالی را

کجا رونق بقید وضع عالم مبتلا گردد
که کاری نیست با اسباب دنیا لاابالی را

چه الفت هاست باهم خاطر شیدا و هامون را
ز تار جاده در پا افگند زنجیر مجنون را

بزیر خاک طوفانهاست سیل چشم پرخون را
چسان سازم جدا از خویشتن بخت واژون را

ز نقش سم او دامی بپای آهوان افتد
بصحرای که شوخیهاش جولان داد گلگون را

هنرمندان ز دون و سفله پرور مرگ میخواهند
غم این دهر اندر خاک افگنده فلاطون را

مشو غافل ز پیچ و تاب سیل گریهٔ عاشق
در آب اشک خود پنهان نمودم سیل جیحون را

بجز سنگینی دل تحصیل زر ممکن نمی باشد
نشان سنگ خارا میشناسم گنج قارون را

رخش با دو زلفش دو بازیهاست حیرانم
که با این سادگی رونق کجا آموخت افسون را

دیده باز است براه تو شهیدان ترا
چقدر ناز بود سرو خرامان ترا

چه اثرهاست بدل ناوک مژگان ترا
بخراشد جگر از شوق شهیدان ترا

پشتِ پای است تمنای دلِ مشتاقم
سفت از کف ندهم دوره دامان ترا

آتش افتاد بجانم چو شرار کاغذ
دیده ام دوش چو روی عرق افشان ترا

شوکتِ پادشهان از نظری کی آرد
هست سامانِ دگر بیسر و سامان ترا

در پسِ پردهٔ قهر تو بود لطفِ نهان
می شناسم بنظر خندهٔ پنهان ترا

مایهٔ دین و دلِ هر دو جهانست نثار
رخ تابانِ ترا زلفِ زر افشانِ ترا

رنگِ روی تو فزاید ز سرشکِ گلگون
چشم خونبار دهد آب گلستان ترا

رونق از دولتِ دیدار نگردی محروم
هست تاثیر دگر ناله و افغان ترا

صرف بیداد می کنیم ترا
ناله ایجاد می کنیم ترا

بر درت کرده ایم منزلِ خویش
خانه آباد می کنیم ترا

گفت چون دید عاشقِ خود را
زود برباد می کنیم ترا

دست در دستِ دیگر و گوید
سخت ناشاد می کنیم ترا

گفت با من رقیبِ وی از مهر
خانه واماد می کنیم ترا

سینه کاوی من چو دید بگفت
رشکِ فرهاد می کنیم ترا

چون گرفتار دید رونق را

گفت آزادی کیسم ترا

من دلدادهٔ گرانی ها — چه قدر هاست سخت جانی ها

از سرِ کوی خود مرا نگذاشت — من بقربانِ بدگمانی ها

مدتی شد بهجر و خرسندم — بعد رنج است شادمانی ها

بر درش شد مقام از ضعفم — دائماً باد ناتوانی ها

بعد مرگ آمد و بجا کم کرد — از لب خویش گل فشانی ها

حرفی از دستِ خویش کن قلمی — نیست جمعیت از زبانی ها

غیر رونق زکس نمی آید
بندگی ها و جان فشانی ها

کرده ام گم زنگاهی رخ تابانی را — چکنم گر نکشم ناله و افغانی را

خاک هرچند نمودم دلِ نالانی را — نتوانست گرفتن سرِ دامانی را

شاید این بختِ سیه کار بسامان برسد — دست در خواب زدم زلفِ پریشانی را

همچو یوسف شوی از حسن عزیز دلها — گر نوازی به نگه بی سروسامانی را

خاکِ صحرا همه گوهر شده بنگر چشمم — در نمِ اشک نهان ساخته نیسانی را

نتوانم که نگاهی برگ گل فگنم — من که در دیده نهم ناوک مژگانی را

شاخ گل مصرع رنگین تو رونق باشد
هست دیوانِ تو آئینهٔ گلستانی را

دلا اگر طلبی عیشِ جاودانی را
مده بخاطر خود راه شادمانی را

نگاهِ او زکه آموخت دلستانی را
که پر عتاب کند خندهٔ نهانی را

بحرف خود دلِ آئینه میبرد طوطی
زلعل یار بیاموخت خوش زبانی را

تمام آه دلم بر فلک رسید بلی
کجا بخاک شود میلِ آسمانی را

رقیب غافل و چشم تو پر خمار بود
سزاست عاشقِ بیتاب پاسبانی را

باسمانِ تنک ظرف کشف راز مکن
فراخ حوصله جو بند رازدانی را

بخوب و زشت جهان اختلاط کن رونق
مثالِ آئینهٔ یکسو بنه گرانی را

بگذر از خویش تماشای نگارست اینجا
در خزان جلوهٔ صد رنگ بهارست اینجا

رهِ عشقست و بدردی سر کارست اینجا
نشئهٔ باده بقربانِ خمارست اینجا

میتوان شد بخیالِ رخ او عشرت یاب
رهزنِ دل بصبر و قرارست اینجا

در فراقت نتوان دید رگلشن فرحت
رگِ گل آئینهٔ نشترِ خارست اینجا

لذّتِ زخمِ محبت نرسد در اظهار
صد چمن جرئی و جان فگارست اینجا

شب وصل آمده غافل ننشستی رونق
صد گلستانِ تمنا به نثار است اینجا

دوش بر لاله نگه در چمن افتاد مرا
دهر از پرتوِ سیمای سبتی یاد مرا
بر سر سینه کشم صورتِ زیبای کسی
ساقی از دستِ خودم داد می و بیخود کرد
لذت دام و گرفتاری دستش دگر است
نیست چون من دگری جورکشِ ناز و عتاب

مسی آلوده لبش آمده در یاد مرا
سیر مهتاب بایں رنگ خوش افتاد مرا
نوکِ خار است بکف خامهٔ بهزاد مرا
رو نما شد مگر آسیب پریزاد مرا
جانب دست کشد الفت صیاد مرا
لب بافسوس گزی گر کنی آزاد مرا

میبرد لذتِ دشنام بسویش رونق
سوخت هرچند دلِ زار به بیداد مرا

راز ها گفت شبم یار ببر گوشیها
صد خرد جلوه نما گشته زبیهوشیها
بعد ازین پرسشِ حالِ دلِ زارم سازد
دست در گردنِ خود میکشم از جوشِ ملال
جز ندامت نبود حاصلِ اسباب جهان

سوختم سوختم از ذوقِ هم آغوشیها
در خمار است نهان لذتِ مینوشیها
یادها جلوه پذیرد ز فراموشیها
چه قدرهاست مرا حسرتِ همدوشیها
عرق از شرم کنی وقتِ گهرپوشیها

عیب را بسکه درین دَور ہمت گیرند | چون صدف شیوهٔ من گشت ہنر پوشیہا

شاد آخر شود از یاس دل من رونق
خنده باشد ثمر باغ الم جوشیہا

رنگ می افروزد از سیر چمن خوبِ مرا | آتشِ گل بادِ دامن گشت محبوبِ مرا
خواستم از جامِ صہبا بی حجابی رو دہد | نشهٔ می شد نقابِ چہرهٔ محجوبِ مرا
مدعای دل چه خواہم از فلک کین جور کیش | در کفِ دیگر نہد از رشک مطلوبِ مرا
از ہجومِ غم فروزان شد دل سرگشته ام | گریه روشن مینماید چشمِ یعقوبِ مرا
بر دلِ حیران نماید دیده رقت بیشمار | طاقتِ دیدن نباشد صبرِ ایوبِ مرا
عرضِ حالِ بیقرارانش تغیر می دہد | پیچ و تاب افزون کند بیند چو مکتوبِ مرا

رونق اندر وصفِ زلفش میشود پیدا اگر
ہمچو بوی گل رسا ی شعرِ مرغوبِ مرا

سوخت دل شعلهٔ جدائیہا | گرد گل باغِ آشنائیہا
فرش ره ابریشم و زان قدم محروم | داغ شد دل ز نارسائیہا
می شناسم یقین سلیمان را | گشت ذوق برہنه پائیہا
خسته خاطر شدم ہجر و کجاست | آن اداہا و دلربائیہا

کی برویت رسد بباغ گلی ‌‌ ‌ بندهٔ تست خوشنمائیها
لاله پرداغ و سرو بی ثمر است ‌ ‌ حیرت افزاست این خدائیها

چون گهر تا بقای هستی خویش
رونق ما وجه بهائیها

شوخ کردست که چشمان ترا ‌ ‌ تیز نمود که مژگان ترا
داده ام از مژه خون فشان ‌ ‌ رنگ گل دورهٔ دامان ترا
رحم بر حال دلم میسازد ‌ ‌ هر که بیند رخ تابان ترا
از سیه بختی خود گردیدم ‌ ‌ آئینه زلف پریشان ترا
چهرهٔ ما رسیه میدانم ‌ ‌ حلقهٔ گیسوی افشان ترا
لاله را نام که نافرمان است ‌ ‌ بنده از دل شده فرمان ترا

حیف رونق که نشد هیچ اثر
چون جرسها دل نالان ترا

در جنونم شده پیدا آب و تاب از سنگها ‌ ‌ بسته ام بر فرق صد لعل خوش آب از سنگها
از نگاه مست او ریزد شراب از سنگها ‌ ‌ آید از فیض خرام او گلاب از سنگها
گر بزم میکشان آن سنگدل ساقی شود ‌ ‌ نیست ممکن بشکند جام شراب از سنگها

صاف طینت را بود جمعیت دیگر برنج
بر سر دریا شود پیدا حباب از سنگها

راحتی دارد دل شیدا ز آفتهای دهر
در دماغ من فزاید جوش خواب از سنگها

شورش مجنون چه مستی ریختا اندر کوهسار
میرسد در گوش آواز رباب از سنگها

جلوه گاه آن پری در کعبه و بتخانه نیست
بر رخ مطلوب آمد صد حجاب از سنگها

ناله را در شهر و صحرا یک اثر باشد مدام
میرسد از سوز دل بوی کباب از سنگها

رونق از رشکت دل سنگین او رقت کند
فصل باران مینماید جوش آب از سنگها

وحشی همچو نسیم است ز گلزار مرا
آرزو سخت کشد جانب دلدار مرا

دیده ناسور شد از گریه کهروار مرا
چه قدر راست نگر حسرت دیدار مرا

دیدن آئینه ساخته سرشار مرا
برد از خود اثر نرگس پرکار مرا

سالها کرد فراق تو گرفتار مرا
میتوان کرد گهی شاد ز دیدار مرا

بیخودیهاست نگر سایه نشین خانش
سر کوی تو بود خانهٔ خمار مرا

آهوی دشت نگه کن که بگردم نه رسد
شوخی چشم کسی کرد گرفتار مرا

حرف حق گویم و اندیشه ندارم از کس
داد منصور خلافت بسر دار مرا

جوش زد گریه چو واشد نگهم بر رویش
سخت ناکام نمود است دل زار مرا

همچو آئینه تصویر که بر دوش بند
شد ز پای دگران صورتِ رفتار مرا

چترِ زرینِ شهان تکیه بباد است ای دل
باغِ فردوس بود سایهٔ دیوار مرا

دود آهم چو کمان حلقه زند سوی فلک
پیچ و تاب است از ان ابروی خمدار مرا

مستِ سرگشتگیم باعثِ جمعیّتِ دل
گردشِ طالعِ من شد خطِ پرکار مرا

همچو نقشِ قدم آئینه حیرت بودم
وحشت آموخته رونق نگهِ یار مرا

جز هوای صنمی نیست بدل رونق هیچ
چون حباب است تهی خانه ز اغیار مرا

گرد شرمنده نگاهش مهِ کنعانی را
آتش افگند لبش لعلِ بدخشانی را

تا کجا ضبط کنی خندهٔ پنهانی را
از دل خون شده بردار پریشانی را

بندگی را ثمرِ روشنیِ دل باشد
سجدهٔ درگهش افروخته پیشانی را

جاه و اقبالِ جهان لایقِ رغبت نبود
تکیه بر باد بود تختِ سلیمانی را

هست در چاره گری دوریِ رحمت مضمر
منعِ فیض است اثر پردهٔ بارانی را

نیست از دیدنِ آئینه گزیرش ای دل
از کفِ خود ندهی دامنِ حیرانی را

گریه را در دلِ زار است عجب کیفیت
عزتی شد بصدف قطرهٔ نیسانی را

نیست وحشت زدگان را بکسی میلِ سخن
در دل از شهر ملالی است بیابانی را

بسکه از شرمِ رخت ریخته شد رنگِ چمن
برگِ گل آئینه شد کشتیِ طوفانی را

زود بگذر ز سرِ خاکِ شهیداں ترسم
چشمِ زخم است اثر دیدهٔ قربانی را

همزبانی چو نیامد بنظر رونق زار
یکطرف کرد ز دل میلِ سخندانی را

رام میخواهی اگر آن بتِ هرجائی را
یکدم از دست مده عالمِ تنهائی را

کن گوارا بدلِ غم زده رسوائی را
دامن از گل شده لبریز شکیبائی را

خوبرو هستی و عالم همه خوبت گویند
زشتیِ خو نه سزد شهرتِ زیبائی را

زود برباد رود خاک چو گردید بلند
بندگی محو کند حشمتِ دارائی را

جورِ افلاک نگر کارِ مرا وارون کرد
سرمه ام تیره کند دیدهٔ بینائی را

سختیِ طینتِ بیناست نگر دشمنِ وی
بشکند سنگدلی گنبدِ مینائی را

جهل از بسکه بود عام درین دورِ خراب
هر خری داشته دعوای مسیحائی را

مشکل اینست که همجنس شود دشمنِ من
گر ز دل دور کنم صورتِ خارائی را

همچو آن طوطیِ خوشگو که بدامش آرند
کرده ام دشمنِ خود رونق دانائی را

صبحِ بهار موج زند از قفاسے ما
چوں گل شگفتگیست بچاکِ قباسے ما

رفتند در زمین همه خوبانِ دلفریب
بی موج بی نجاک نه غلطد گدای ما

در دم زدن فناست طلسمِ بنای خاک
کم فرصتا زحباب نماید بقای ما

رفتیم زین جهان و دلی را گذاشتیم
این بهترین خلف به نشیند بجای ما

در وادیِ مصیبتِ عشق بتان نگر
از در و چشم آبله گرید بپای ما

عکسِ رخش در آئینهٔ دل نهان بود
خورشید آشکار شود از صفای ما

رونق تمام عمر بهجران گذشت و آه
یکدم بسر نیامده با مه لقای ما

بر ترم کی افگند آن شوخ جانان سایه را*
گز لباسِ زر کند سرو چراغان سایه را

طبع آزادان شود وارسته از بندِ خطر
در گذشتن آتش و آب است یکسان سایه را

از غمِ هجران گشتی سایه آسا ناتوان
بر زلیخا گر فگندی ماه کنعان سایه را

صحبتِ روشندلان اکسیرِ قلبِ عیبهاست
چون شعاعِ مهر سازد دورِ غلطان سایه را

سبز رنگ آن شوخ گل پوشم چو آید سوی باغ
میکند گویا برنگِ شاخِ ریحان سایه را

اختلاط ظالمان دارد خلشها بیشتر
بیحلاوت میکند خار مغیلان سایه را

* یہہ اور اسکے بعد کی غزل اصل نسخہ مین درج نہین تھی تذکرہ صبح وطن مولفہ نواب غلام غوث خان اعظم سے نقل کیگئی ہے ۱۲

یابد آسایش ز زلفا و دلِ مشتاقِ وصل
بیشتر جویند رونق تشنه کامان سایہ را

مستِ نازم افگند گر بر گلستان سایہ را
سرو قد خویش را چون جلوہ بخشد در نظر
در بیابان ہمسری با کوہ دارد حیرت است
میکند افتادگی آزاد از بند خطر
خاکساری خضر راہ او مگر گردیدہ است

چشم ہر کیفیش کند مثل خمستان سایہ را
آن کہ پنہان میکند از دورِ داماں سایہ را
بر لبِ دریا نسیمی کرد لرزان سایہ را
شیر با این رعب کی سازد ہراسان سایہ را
نیست در صحرا نوردی بیم نسیان سایہ را

وردِ نامت را چو رونق حرزِ جان دارد مدام
بر سرش پیوستہ نہ یا شاہِ جیلاں سایہ را

دل بغم ساز کردۂ ما را
شب کہ دمساز کردۂ ما را
سحر این ناز چہ نام نہیم
ای دلِ زار چون جرس فغان
مرحبا حسن بی نقاب باز ل

نالہ غماز کردۂ ما را
محرم راز کردۂ ما را
نظر انداز کردۂ ما را
ہمہ آواز کردۂ ما را
پردۂ راز کردۂ ما را

* یہہ غزل تذکرہ معدن الجواہر مولفہ مولوی مہدی واصف سے نقل کیگئی ۱۲

تماشائی شود آئینهٔ حسن بیحجابش را | کتان شد پرده های چشم عاشق ماهتابش را

محال است این که در عشقش دل و دینم بجا ماند | که باشد نشئه از موج جنون جام شرابش را

